
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: شہلا معروف، مریم شیرا، فوزیہ رضوان، فرحین جعفری،
ناہید حسن، یاسمین زیدی، محمد اقبال اور نسرین باقر



# فہرست


| # | اسباق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| * | ٹیچر کیلئے بنیادی نوٹ | 1 |
| 1 | رنگ | 4 |
| 2 | گرمی آئی | 7 |
| 3 | موٹا چوزا | 10 |
| 4 | آ گئی بس | 14 |
| 5 | کیا وقت ہے | 17 |
| 6 | بارش | 22 |
| 7 | گانا گایا | 25 |
| 8 | لال گاڑی | 28 |
| 9 | ٹیں ٹیں میں میں | 31 |
| 10 | میں کیا کھاؤں | 34 |
| 11 | ٹی شرٹ | 37 |
| 12 | میں کون ہوں | 41 |
| 13 | گدھا گاڑی | 45 |
| 14 | وہ رہا چاند | 49 |
| 15 | کھیل کھلونے | 53 |
| * | 26 ورک شیٹس | (1.1 to 14.2) |

## ٹیچر کے لئے بنیادی نوٹ

اس ٹیچرز گائیڈ میں دی گئی ہدایات صرف ایک مشورہ ہیں۔ ٹیچر اپنی سہولت اور صورت حال کے مطابق اس میں ردوبدل کر سکتے ہیں۔

کتاب کے پہلے آٹھ اسباق پہلی ششماہی میں اور آخری سات اسباق دوسری ششماہی میں پڑھائے جائیں گے۔

ہر سبق پر کام کرنے کا دورانیہ سبق کے مواد (matter) کے مطابق ایک سے دو ہفتہ تک ہو سکتا ہے۔ ٹیچر کو اس بات کا خاص خیال رکھنا ہوگا کہ کلاس میں کام اس طرح ہو کہ بچے بالکل واضح طور پر سبق سمجھ سکیں اور شروع سے آخر تک کام میں دلچسپی قائم رہے۔

## عمومی ہدایات

ٹیچر ہر روز بورڈ پر دن اور تاریخ لکھ کر پڑھیں، اور بچوں سے بھی پڑھوائیں۔ جو کام مقررہ وقت میں ختم نہ ہو وہ اگلے دن بھی جاری رکھا جائے تاکہ سب بچوں کو شمولیت کا موقع مل سکے۔ سبق کے حوالے سے اگر کوئی چیز یا کردار بچوں کو دکھایا جا سکے تو بہت اچھا ہے۔ مثلاً سبزی والا، چنے والا اسکول میں بلایا جائے، بلی کا بچہ یا بندر کلاس میں لا کر دکھایا جائے۔

سبق اور تصویر دونوں کے حوالے سے سوالات کئے جائیں۔ ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کے ساتھ زبانی بات ضرور کریں اور کوشش کریں کہ ہر بچے کو بات کرنے کا موقع ملے۔ جہاں بھی ضرورت محسوس ہو ٹیچر کلاس میں اور گھر میں دہرائی (revision) کا کام ضرور کروائیں۔

ٹیچرز گائیڈ کے آخر میں دی گئی ورک شیٹ کلاس میں بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی بنوا کر گائیڈ میں دی گئی ہدایت کے مطابق بچوں میں تقسیم کی جائیں۔

## سبق پر بات چیت کرنے کا طریقہ

گفتگو اور بات چیت میں بچوں کی شمولیت ضروری ہے۔ بجائے اس کے کہ سبق کے حوالے سے ساری معلومات ٹیچر خود فراہم کریں سوالات کے ذریعے بچوں سے پوچھیں۔ گفتگو کا آغاز پہلے تصاویر اور پھر سبق کے حوالے سے کریں۔ ہر بچے کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں او اس کی ہمت افزائی کریں۔

## بورڈ سے لکھائی کروانے کا طریقہ

بورڈ پر جو بھی لکھیں بڑا اور واضح لکھیں اور پڑھ کر بتائیں۔ جب بچے کوپی میں لکھیں تو ٹیچر ہر بچے کے پاس جائیں اور ضرورت کے مطابق اصلاح کریں۔ اصلاح کے لئے اپنا قلم نہ استعمال کریں بلکہ بچے کی پنسل استعمال کریں۔

## حروف تہجی پر کام کروانے کا طریقہ

حروف کی بڑی اشکال بورڈ پر واضح طریقے سے لکھیں۔ اس دوران فرداً فرداً بچوں کے پاس جا کر حسب ضرورت مدد کریں۔ حروف کا نام اور ان کی آواز ساتھ ساتھ بتائیں۔ بچے یہ حروف کوپی میں لکھیں۔ اس دوران ٹیچر حروف خود پڑھ کر بتائیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔

## حروف کی آواز پر کام کروانے کا طریقہ

ٹیچر بورڈ پر الفاظ لکھیں اور خود پڑھیں۔ پھر بچوں سے الفاظ پڑھوائیں اور ہر لفظ کا پہلا حرف اور اس کی آواز پوچھیں۔ جیسے جیسے بچے بتاتے جائیں ٹیچر حروف کے گرد دائرے بناتی جائیں۔ بچے یہ کام کوپی میں لکھیں۔ آوازوں کی پہچان کے لئے سبق کے الفاظ کے علاوہ ان حروف سے شروع ہونے والے دوسرے الفاظ بھی پوچھیں اور بورڈ پر لکھ کر پڑھوائیں۔

## الفاظ کی توڑ کروانے کا طریقہ

الفاظ کی توڑ کروانے کے لئے ٹیچر بورڈ پر لفظ لکھیں، خود پڑھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ لفظ کے مطابق حروف کی آوازیں بچوں سے پوچھ کر ان کی پوری شکلیں جمع (+) کے نشان کے ساتھ بورڈ پر لکھیں۔ کوئی حرف کسی حرف علت (vowel) کے ساتھ ہے تو وہ جوڑ کر ہی لکھا جائے گا مثلاً گا + ڑی۔

## الفاظ کی جوڑ کر وانے کا طریقہ

الفاظ کی جوڑ کروانے کے لئے ٹیچر بورڈ پر کوئی ایک لفظ لکھیں۔ بچوں سے پڑھوائیں پھر حروف کی آواز پوچھ کر جمع (+) کے نشان کے ساتھ لکھیں۔ آخر میں ان حروف کو آپس میں جوڑ کر واضح طور پر لکھیں (مثلاً ک + ت + ا + ب = کتاب)۔ بچے یہ کام اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## Arts and Crafts کروانے کا طریقہ

بچوں میں تخلیقی صلاحیت پیدا کرنے کے لئے مختلف چیزیں بنانے کا کام کروائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ضرورت کے مطابق سامان پہلے سے موجود ہو۔ کام کے سلسلے میں ٹیچر ضروری ہدایات واضح طور پر دیں۔ مل جل کر کام کرنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں میں یہ احساس اور شعور پیدا کرنے کے لئے کہ استعمال شدہ چیزوں کو دوبارہ کام میں لا کر چیزیں بنائی جا سکتی ہیں مختلف اسباق کے حوالے سے arts and crafts کے ذریعے کام کر وائیں۔ اگر کوئی بچہ ضروری اشیاء نہ لائے تو ٹیچر حسب ضرورت اس کی مدد کریں۔ اس طرح کے کام گروپ بنا کر کروائیں۔ بچوں کی بنائی ہوئی چیزیں کلاس میں نمایاں جگہوں پر رکھیں اور ان پر گفتگو کریں۔

## گھر کا کام چیک کرنے کا طریقہ

ٹیچر اپنے فری پیریڈ میں بچوں کی کوپیوں کو چیک کریں۔ دوسرے دن بچوں کی کوپیاں واپس کریں اور ان کی غلطیوں کی نشاندہی کریں۔ دیئے گئے زبانی کام کو کلاس کے شروع میں ہی سنیں۔ اگر کوئی سامان منگوایا ہے تو شروع میں ہی جمع کر لیں اور اس سے متعلق کام ضرور کروائیں۔

## ہم آواز الفاظ پر کام کروانے کا طریقہ

لفظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر اس لفظ کے ہم آواز الفاظ لکھتی جائیں۔ ہم آواز الفاظ کرواتے وقت اگر بچے مہمل یا بے معنی الفاظ بنائیں تو کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ آواز (sound) پر کام ہے الفاظ پر نہیں۔ بچے یہ کام کوپی میں لکھیں۔

# رنگ

## تیاری
سبق میں موجود الفاظ پیلا، نیلا، ہرا، لال، سورج، پانی، باغ، پھول کے فلیش کارڈ بنائیں۔ لال، نیلا، پیلا، رنگ ایک ٹرے میں رکھیں۔ ہر رنگ میں ایک برش بھی ڈالیں اور "4"x4 کا سادہ کاغذ ہر بچے کے لئے لے کر آئیں۔

## سیشن 1
ٹیچر شروع کے دس منٹ قدرت کی بنائی ہوئی چیزوں کے بارے میں گفتگو کریں۔ اب بچے سبق کھولیں۔ بچوں سے پوچھیں کلاس میں کتنے بچے اس سبق کو خود پڑھ سکتے ہیں۔ جو پڑھ سکتے ہوں ان سے پڑھائی کروائیں۔ ٹیچر ان کی تعریف کریں۔ اگر بچے غلطی بھی کریں تو بھی ان کی ہمت افزائی کریں۔

بچوں کو کلاس سے باہر nature walk پر لے جائیں۔ اردگرد نظر آنے والی چیزوں کی طرف بچوں کو متوجہ کریں مثلاً پیڑ، پودے، آسمان، سورج، بادل، پتے، پھول وغیرہ۔ لکڑی کے ٹکڑے، مٹی، پرندوں کے پر یا گھر سے مرغی کے انڈے مل جائیں تو بچے ان کو جمع کر کے کلاس میں لائیں۔ اگر اسکول میں چیزیں جمع نہ کر سکیں تو گھر سے بھی یہ چیزیں لائی جا سکتی ہیں۔ بچے اپنی لائی ہوئی چیزیں حفاظت سے کلاس میں کہیں رکھ دیں۔

## سیشن 2
ٹیچر باہر سے لائی ہوئی چیزوں سے متعلق بچوں سے سوالات کریں۔ جاندار اور بے جان چیزوں کی ایک فہرست بنائیں۔ بورڈ پر دو کولم بنا کر فہرست میں ایک طرف جاندار اور دوسری طرف بے جان چیزوں کے نام لکھیں۔ اس کے بعد بچوں سے اس بارے میں بات چیت کریں۔

بچے کوپی میں پانچ جاندار اور پانچ بے جان چیزوں کی تصویریں بنا کر پہلا اور آخری حرف لکھیں۔ اور اگر کچھ بچے پورے الفاظ لکھ سکتے ہوں تو پورے الفاظ لکھیں۔

## سیشن 3
ٹیچر بورڈ پر سورج بنا کر بیچ میں لفظ پیلا لکھیں۔ اب بچوں سے مختلف پیلی چیزوں کے نام پوچھ کر سورج کی کرنوں کے ساتھ لکھیں۔ مثلاً کوئی پھل یا پھول وغیرہ۔ بچے یہ کام کوپی میں اتاریں۔

## سیشن 4

بچے کتابیں کھولیں۔ ٹیچر سبق ''رنگ'' ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ بعد میں تصویروں کی مدد سے سبق سے متعلق سوالات کریں۔

### سوالات

(1) سورج، پھول اور پتوں کے کیا رنگ ہیں؟
(2) آسمان کا رنگ کیا ہے؟
(3) باغ میں کتنے پھول نظر آ رہے ہیں؟
(4) پانی کس رنگ کا ہے؟
(5) سبق میں سے کم از کم چار الفاظ کی خوشخطی کروائیں۔ بچے تصاویر بھی بنائیں۔

## سیشن 5

ٹیچر سبق کی پڑھائی کریں۔ الفاظ کی توڑ جوڑ بورڈ پر سکھائیں۔

ورک شیٹ نمبر 1.1 رنگوں سے متعلق کروائی جائے تاکہ بچوں کو رنگوں کے ناموں کی پڑھائی کی مشق ہو سکے۔

### گھر کا کام

بچے کتاب میں سے ب، پ، س، ن اور ل سے شروع ہونے والے الفاظ لکھ کر لائیں۔ بچے گھر سے مختلف رنگوں کی چیزیں مثلاً پتہ، پھول یا کسی رنگ کی گیند یا کپڑا وغیرہ بھی لا سکتے ہیں۔

## سیشن 6

ٹیچر فلیش کارڈ سے الفاظ پڑھوائیں۔ بچے سبق کھولیں۔ سبق میں موجود رنگوں کے بارے میں بات کریں۔ رنگوں کے نام بچے بتاتے جائیں۔ آپ بورڈ پر لکھتی جائیں۔

بچے اگر اپنی چیزیں لائے ہیں تو انفرادی طور پر ہر ایک بچے سے اس کی لائی ہوئی چیز کا رنگ پوچھ کر رنگوں کے مطابق بورڈ پر لکھتی جائیں۔

اب بچے اپنی لائی ہوئی چیز کی تصویر کوپی میں بنائیں۔ رنگ بھریں اور ساتھ ساتھ رنگ کا نام بھی لکھیں۔

## سیشن 7

آج رنگوں پر کام کروائیں۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم رنگوں کو ملا کر نئے رنگ بنائیں گے۔

ٹیچر کلاس میں رنگوں کی ٹرے لے کر بچوں سے رنگوں کے نام پوچھیں پھر تمام بچوں کو سادے کاغذ دیں۔ بچے کاغذ پر اپنا نام لکھ لیں۔ اب ٹیچر کوئی دو رنگ کاغذ کے بیچ میں ٹپکائیں اور کاغذ کو آہستگی سے دبا کر کھولیں۔ کاغذ پر دونوں رنگوں کو ملا کر ایک نیا رنگ بنے گا۔ بچوں سے رنگ کا نام پوچھ کر کاغذ پر لکھ دیں۔ مثلاً نارنجی، ہرا، اودا وغیرہ۔ اب یہی کام بچوں سے کروائیں۔ بچوں کے کام کو softboard پر یا پھر دھاگے کی مدد سے باندھ کر لٹکا دیں۔ اگر بچے پنسل سے رنگ کے گرد تتلی کی شکل بنالیں تو یہ کام زیادہ بہتر نظر آئے گا۔

## سیشن 8

ٹیچر فلیش کارڈ سے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

بچوں سے گفتگو کریں کہ کن کن بچوں نے باغ کی سیر کی ہے۔ انہیں بتائیں کہ جو بچے فلیٹ میں یا چھوٹے گھروں میں رہتے ہیں وہ بھی چھوٹے گملوں میں خوبصورت پودے لگا سکتے ہیں۔ باغ میں جانے کے اصولوں کے بارے میں بھی کچھ باتیں کریں۔ مثلاً پھول نہ توڑیں۔ گندگی نہ پھیلائیں وغیرہ۔

بعد میں بچے کوپی نکالیں۔ اس میں باغ سے متعلق کسی چار یا پانچ چیزوں کی تصویریں بنا کر ان کے نام لکھیں۔ تصویروں میں رنگ بھی بھریں۔

### گھر کا کام

بچوں سے کہیں کہ امی ابو یا کسی بڑے بھائی بہن کی مدد سے چند گملوں میں پودے لگائیں اور ان کی دیکھ بھال خود کریں۔

## سیشن 9

ٹیچر بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کرتے وقت بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ آخر کے دس منٹ میں بچوں کو بورڈ پر الفاظ کی جوڑ توڑ کا طریقہ بتائیں۔

الفاظ :

| | |
|---|---|
| پیلا | پی + لا |
| سورج | سو + رج |
| نیلا | نی + لا |
| پانی | پا + نی |

بچے یہ کام کوپی میں اتار لیں۔

# گرمی آئی

## سیشن 1

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آج کیسا موسم ہے۔ بچوں کے بتائے ہوئے موسم کے مطابق بورڈ پر تصویر بنا کر لفظ لکھیں۔
(گرمی۔ سورج۔ بارش۔ بادل)

بچے سبق ''گرمی آئی'' کھولیں۔ ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ
(1) ان کے خیال میں تصویر میں کیسا موسم نظر آ رہا ہے؟
(2) آپ ایسے موسم میں کیا کرتے ہیں؟
(3) کیا آپ کو یہ موسم اچھا لگتا ہے؟
(4) کیوں اچھا لگتا ہے؟
(5) کیوں نہیں اچھا لگتا ہے؟
آخر میں بچے کوپی میں اپنی پسند کے موسم کے مطابق تین یا چار تصویریں بنا کر کسی دو کے بارے میں جملے لکھیں۔

## سیشن 2

بچے سبق ''گرمی آئی'' کھولیں۔ ٹیچر سبق کا نام بورڈ پر لکھیں۔
اب بچوں سے پوچھیں کہ لفظ گرمی سے ان کے ذہن میں کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچوں کی بتائی ہوئی چیزیں ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں اور بعد میں ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ اب بچے کوپی میں سبق کا نام لکھ کر بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ اتار لیں اور ان کی تصاویر بنائیں۔ مثلاً
برف، پانی، آئس کریم، پنکھا، جوس، تیرنا وغیرہ۔

### گھر کا کام

بچے نیچے دیئے گئے الفاظ کی خوشخطی کریں۔
برف، سردی، گرمی، پانی، کپڑے۔

## سیشن 3

ٹیچر آج سبق میں موجود تصاویر کے ذریعے الفاظ اور ضد پر کام کروائیں۔ بورڈ پر دو کولم بنائیں۔ سبق میں سے تصویریں

دکھا کر بچوں سے سوالات پوچھیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے جوابات بورڈ پر لکھیں۔
(1) تصویر میں کون سا موسم نظر آ رہا ہے؟
(2) لڑکی کہاں ہے؟
(3) پانی کے اندر کون ہے؟
(5) پل کے نیچے کتنے بچے ہیں؟
بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔ بچوں سے ان الفاظ کی ضد پوچھ کر دوسرے کولم میں لکھیں۔ مثلاً (لڑکی' اندر' اوپر' گرمی)
بچوں کو ورک شیٹ نمبر 2.1 دیں۔ بچے پہلے الفاظ کی لکھائی کی مشق کریں۔ بعد میں خالی جگہوں پر یہ الفاظ لکھیں۔ ٹیچر ورک شیٹ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

بچے کوپی میں شربت بنانے کی ترکیب لکھ کر لائیں۔
گھر سے بچے ایک یا دو چمچے چینی لائیں۔ ٹیچر دوسرے دن شربت بنانے کے لئے دو لیموں' جگ' گلاس برف یا ٹھنڈے پانی وغیرہ کا انتظام کریں۔

# سیشن 4

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ گرمیوں میں کیسی چیزیں کھانے اور پینے کا دل چاہتا ہے۔
بچوں کی بتائی ہوئی چیزوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔
اب انہیں بتائیں کہ آج ہم کلاس میں لیموں کا شربت بنائیں گے۔
جگ میں پانی لیں' اس میں لیموں اور چینی ملا کر برف ڈالیں۔ بچے اپنی کوپی میں اسی ترتیب سے تصویریں بنائیں۔ چیزوں کے نام بھی لکھیں (جگ میں پانی' چمچے سے شکر ڈالنا اور چلانا' لیموں نچوڑنا' برف ڈالنا)۔ بعد میں بچوں کو تھوڑا تھوڑا شربت پینے کو دیں۔

## نوٹ :

ضروری نہیں کہ لیموں کا شربت ہی بنایا جائے۔ کوئی اور شربت بھی بنایا جاسکتا ہے۔

# سیشن 5

ٹیچر بچوں سے سوالات کریں۔
(1) کیا وہ کبھی کسی دریا' تالاب یا سمندر کے کنارے گئے ہیں؟
(2) کیا انہوں نے کبھی تیراکی کی ہے؟

(3) کیا کوئی ایسا کھیل کھیلا ہے جو پانی میں کھیلا جاتا ہے؟
(4) ان کے خیال میں تالاب، دریا، سمندر اور گھر میں موجود پانی میں کیا فرق ہوتا ہے؟
(5) بارش کے پانی میں کس کس کو کھیلنا پسند ہے؟

اب پانی سے متعلق سوالات کریں۔
(1) پانی کہاں سے آتا ہے؟
(2) پانی ہمارے کس کس کام آتا ہے؟
(3) پانی کی بچت کیوں ضروری ہے؟ اور ہم پانی کی بچت کس طرح کر سکتے ہیں؟
(4) پانی ہم سب کے لئے کیوں ضروری ہے؟
(5) سردی کے موسم میں پانی کیسا ہوتا ہے؟
آخر میں بچے کوپی میں ایسے چار کاموں کی تصویریں بنائیں۔ جن میں پانی استعمال ہوتا ہے۔ بعد میں جملے بھی بنائیں۔ مثلاً نہانا، کپڑے دھونا، پودوں کو پانی دینا، شربت بنانا۔ وغیرہ

## گھر کا کام
گرمی کے موسم سے متعلق کسی ایک پھل، پھول، لباس اور سبزی کی تصویر بنا کر ان کے نام لکھیں۔

# سیشن 6
ٹیچر بورڈ پر یہ الفاظ لکھ کر بچوں سے پڑھوائیں۔ کمبل، رضائی، پنکھا، برف، سوکھے پتے، سردی، گرمی۔
اب بچوں سے پوچھیں کہ یہ الفاظ پڑھ کر کن موسموں کا خیال آتا ہے۔ ٹیچر بورڈ پر چاروں موسموں کے نام بھی لکھیں۔
چاروں موسموں کی خصوصیات پر بات چیت کریں۔ مثلاً
(1) گرمیوں کے لمبے دن۔
(2) بہار کی ہریالی۔
(3) خزاں کی پت جھڑ۔
(4) سردیوں کی برف باری اور لمبی راتیں وغیرہ۔
بچے چاروں موسموں کے نام کوپی میں اتاریں اور ان سے متعلق تصاویر بھی بنائیں۔

## گھر کا کام
بچے کوپی میں الفاظ کی ضد لکھ کر لائیں۔
لڑکا۔ رات۔ چھوٹا۔ زیادہ۔

# موٹا چوزا

## تیاری

الفاظ موٹا، چوزا، چھوٹا، پانی، یہ، وہ، باغ، دوست، کہاں، وغیرہ کے فلیش کارڈ بنالیں۔

سبق شروع کرنے سے پہلے ٹیچر کلاس میں اپنے ساتھ ایک اصلی یا کھلونے کا چوزا لے آئیں۔ یا کسی بچے کے پاس چوزا ہو تو اس سے منگوالیں اور یہ بھی ممکن نہ ہو تو چوزے کی تصویر لے آئیں۔

## سیشن 1

جماعت میں چوزے کے بارے میں بات کریں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ سبق ''موٹا چوزا'' کھولیں۔ ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے سوالات پوچھیں۔

(1) چوزا کس کے بچے کو کہتے ہیں؟
(2) چوزا کیا کیا کھاتا ہے؟
(3) چوزا کس کس رنگ کا ہوتا ہے؟
(4) کیسے بولتا ہے؟
(5) بچے چوزے کی تصویر بنائیں اور اپنی مرضی سے اس کا نام لکھیں۔

## سیشن 2

ٹیچر بچے کی مدد سے انفرادی پڑھائی کریں۔ بچوں سے بات چیت کریں۔

(1) چھوٹا چوزا کس کا دوست تھا؟
(2) وہ کہاں گیا؟
(3) آپ کے خیال میں وہ وہاں کیا کر رہا ہوگا؟

اب بچوں کو ورک شیٹ نمبر 3.1 دکھائیں اور اس تصویری کہانی کے بارے میں بات کریں اور کہیں کہ بچے خود سے تصویر بنا کر کہانی مکمل کریں۔ بچے اپنی سوچ کے مطابق کہانی کو اختتام دیں۔

## گھر کا کام

بچے کسی پسندیدہ جانور کی تصویر بنا کر لائیں۔

# سیشن 3

آج ٹیچر بچوں کو مختلف جانور اور ان کے بچوں کی تصویریں دکھائیں اور بتائیں کہ ان کے بچوں کو کیا کہتے ہیں۔ جیسے گائے (بچھڑا)۔ بکری (میمنا)۔ بلی (بلونگڑا)۔ کتا (پلا)۔ مرغی (چوزا)۔

بچوں سے مندرجہ ذیل الفاظ کی لکھائی کوپی میں کروائیں۔
بابر۔ چوزا۔ موٹا۔ چھوٹا۔ دوست۔
اس کام کے بعد بچے جانور اور اس کا بچہ بن کر کلاس میں کھیل یا ڈرامہ کر سکتے ہیں۔

## گھر کا کام

انڈے کے چھلکوں سے چوزا بنانے کے لئے بچوں سے خالی انڈوں کے چھلکے اور تھوڑی روئی گھر سے منگوائیں۔

# سیشن 4

بچوں کے لائے ہوئے انڈوں کے چھلکے اور روئی سے ٹیچر کلاس میں چوزا بنوائیں۔

## طریقہ

(1) پہلے روئی کو پیلا رنگ لیں۔ (ہر بچہ اپنی روئی خود رنگے گا)۔
(2) انڈے کے چھلکوں پر تھوڑی سی گوند لگا کر رنگی ہوئی روئی رکھیں۔
(3) چونچ کے لئے چھوٹے چھوٹے سادہ کاغذ کے تکون ٹکڑے کاٹ کر روئی پر چپکا دیں۔
(4) آنکھیں کالے مارکر (marker) سے بنا لیں۔

بچے چوزے کو اپنی پسند کا نام بھی دیں اور لکھ کر چوزے پر چپکا دیں۔ اس کام میں ٹیچر ان کی مدد کریں۔ یہ کام اگر پہلے دن پورا نہ کر سکیں تو اگلے دن مکمل کریں۔

# سیشن 5

جو الفاظ بچے لکھنا سیکھ چکے ہیں آج ان کا توڑ جوڑ کروائیں۔
پانی۔ پیلا۔ ہرا۔ باغ۔ پھول۔
الفاظ: یہ۔ وہ۔ ہے۔ کے فلیش کارڈز کے ذریعے بچوں سے زبانی جملے بنوائیں۔ مثلاً
''یہ پھول ہے''۔ بچے جو جملے بنائیں ٹیچر وہ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے یہی جملے کوپی میں اتار لیں۔

## گھر کا کام

بچوں سے کہیں کہ گھر سے مندرجہ ذیل الفاظ کے توڑ جوڑ کر کے لائیں۔
میرا۔ چوزا۔ پانی۔ دوست۔ باغ۔

# سیشن 6

ٹیچر مندرجہ ذیل جملے بلیک برڈ پر لکھ کر زبانی پڑھائی کر وائیں۔
(1) مرغی کے بچے کو چوزا کہتے ہیں۔
(2) چوزا دانہ کھاتا ہے۔
(3) وہ چوں چوں کرتا ہے۔
(4) چوزا پیلا ہوتا ہے۔
(5) چوزا بلی سے ڈرتا ہے۔

زبانی پڑھائی کے بعد مندرجہ ذیل الفاظ کو خالی جگہوں میں پر کروائیں۔
دوست۔ موٹا۔ پانی۔ باغ۔

(1) چھوٹا چوزا بابر کا ____________ ہے۔
(2) ____________ چوزا سارہ کا دوست ہے۔
(3) ہم سب ____________ میں ہیں۔
(4) چھوٹا چوزا ____________ میں ہے۔

## گھر کا کام

بچوں سے کہیں کہ گھر سے مددگار الفاظ ''یہ''۔ ''ہے''۔ ''وہ'' کے استعمال سے مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنا کر لائیں۔
پانی۔ باغ۔ باجا۔ بلی۔

# سیشن 7

بچوں کو مختلف حروف دیں۔ بچے ان حروف سے شروع ہونے والے الفاظ اور تصویریں بنائیں۔ مثلاً:

| | | |
|---|---|---|
| ب | باغ | باجا |
| پ | پتا | پیڑ |
| چ | چوزا | چاند |

# سیشن 8

ٹیچر ہم آواز الفاظ زبانی بتائیں' مثلاً بال' جال' کھال۔ اب بچوں سے دوسرے الفاظ پوچھ کر بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ہی پڑھوائیں۔ بچے یہ الفاظ کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

بچے گھر سے دیئے گئے الفاظ سے ہم آواز الفاظ لکھ کر لائیں۔ پانی' نیلا' بال

# آ گئی بس

## تیاری

ہندسوں اور الفاظ میں 1 سے 10 تک گنتی کے فلیش کارڈ بنائیں۔ سبق کے دوسرے الفاظ کے فلیش کارڈ بھی بنائیں۔ جیسے اٹھو۔ چلو۔ دریا۔ پار۔ جلدی۔ وہ۔ دیکھو۔ آ گئی۔ بس۔
ٹیچر سبق شروع کرنے سے پہلے بچوں کو اسکول کے اندر یا کسی قریب کی جگہ پر پکنک کے لئے لے جائیں۔ اس پکنک میں ماحول ایسا بنائیں کہ بچے خوب لطف اندوز ہوں۔

## سیشن 1

بچوں سے پوچھیں کہ اگر ان کو اچانک چھٹی مل جائے تو وہ کیا کریں گے؟ بچوں کے بتائے ہوئے جوابات ان کے الفاظ میں بورڈ پر لکھیں۔ (سونا۔ پڑھنا۔ ٹی وی دیکھنا۔ کھیلنا۔ گھومنے جانا وغیرہ)۔
اب بچے سبق ''آ گئی بس'' کھولیں اور تصویریں غور سے دیکھیں۔ ٹیچر تصویروں کے متعلق سو الات کریں۔

(1) تصویر میں کون کون نظر آ رہا ہے اور وہ کیا کر رہے ہیں؟
(2) تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟
(3) بس میں کتنے بچے ہیں؟
(4) یہ لوگ کہاں جا رہے ہیں؟

بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ کبھی پکنک پر گئے ہیں اور اگر گئے ہیں تو کہاں؟ بچوں کی بتائی ہوئی جگہوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ وقت ہو تو پکنک کے بارے میں ایک دو سوالات اور کریں۔ آخر میں نظم پڑھ کر سنائیں۔ بچے بھی نظم پڑھیں۔ ٹیچر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## سیشن 2

ہندسوں اور الفاظ میں لکھی گئی گنتی کی پڑھائی فلیش کارڈ کی مدد سے کروائیں۔ بچے کتاب میں سے سبق ''آ گئی بس'' کھولیں۔ آج ہندسوں کے حوالے سے تصویروں کے مطابق سوالات کریں۔ صفحہ 14 پر تصویر کس چیز کی ہے؟ اسی طرح 2، 3 اور 4 ہندسوں کے مطابق سوالات بھی پوچھیں۔ (1 سورج، 2 بچے، 3 مچھلیاں، 4 چڑیاں) اب صفحہ 15 اور 16 پر تتلیوں، پھولوں اور بچوں کی تعداد بھی پوچھیں۔ بچوں کو ورک شیٹ نمبر 4.1 دیں جس میں بچے نمبر ملا کر تصویر مکمل کریں۔

# سیشن 3

نظم ''آ گئی بس'' کے الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈ سے کروائیں۔ بعد میں یہ فلیش کارڈ اس ترتیب سے بورڈ پر لگائیں کہ مکمل نظم بن جائے۔ بچے ٹیچر کی مدد سے ایک ساتھ نظم پڑھیں۔
ٹیچر بورڈ پر حرف ''ؤ'' لکھ کر بچوں سے آواز پوچھیں یا بتائیں۔
آخر میں نظم کے حوالے سے حرف ''ؤ'' پر ختم ہونے والے الفاظ پوچھیں۔
سبق کے علاوہ مختلف حروف بتا کر دوسرے الفاظ بھی پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں مثلاً رو۔ سو۔ تو۔ کو۔ لو۔ ہو وغیرہ۔

## گھر کا کام

بچے ا سے ے تک حروف کو''ؤ'' کے ساتھ لکھ کر پڑھائی کریں۔

# سیشن 4

آج پکنک کے حوالے سے سوالات کریں۔
(1) بچے جس جگہ گھومنے جاتے ہیں وہاں کی صفائی کا خیال کس طرح کرتے ہیں؟
(2) اگر بس یا گاڑی میں جاتے ہیں تو کھڑکی سے ہاتھ یا سر تو باہر نہیں نکالتے ہیں؟
(3) کھڑکی سے کوئی کاغذ یا کچرا تو نہیں پھینکتے ہیں؟
(4) جس جگہ جاتے ہیں وہاں پھولوں' پودوں اور جانوروں یا پرندوں وغیرہ کا خیال کس طرح رکھتے ہیں؟
اس کے بعد سبق کے الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈ سے کروائیں۔ بعد میں ''ھ'' والے الفاظ کی خوشخطی کوپی میں کروائیں۔ (اٹھو۔ چھ۔ آٹھ۔ دیکھو)۔

# سیشن 5

سب بچے مل کر نظم پڑھیں۔ اس کے بعد ٹیچر ''ھ'' والی مختلف آوازیں بورڈ پر لکھیں اور ان سے متعلق الفاظ بچوں سے پوچھیں۔
بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ آوازوں کے مطابق لکھتی جائیں۔ مثلاً
بھالو۔ بھوت۔ بھاگو۔ چھت۔ چھوٹا۔ دھوپ۔ دھوبی۔ کھیل۔ کھانا۔ وغیرہ۔
آخر میں ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

بورڈ پر ایک سے پانچ تک ہندسوں اور الفاظ میں گنتی لکھیں۔ بچوں کو ورک شیٹ نمبر 4.2 دکھا کر چیزوں کی تعداد پوچھیں۔ اس کے بعد اس پر کام کرنے کے لئے دیں۔

# سیشن 6

آج نظم میں سے لفظ ''تین'' ''چار'' اور ''دس'' کے مطابق ہم آواز الفاظ پوچھیں' اور بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً (چار۔ پار۔ بار۔ تار۔ خار۔ کار۔ مار۔ ہار) (دس۔ بس۔ ڈس۔ رس۔ کس)

بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ بچوں سے پڑھوائیں۔ بعد میں سب بچے مل کر نظم پڑھیں۔

بچے اپنی کوپی میں ''تین'' ''چار'' اور ''دس'' سے ہم آواز الفاظ لکھیں۔

## گھر کا کام

بچے الفاظ چار' ہار' دس' بس کی خوشخطی کر کے لائیں۔

# کیا وقت ہے

## تیاری

الفاظ کیا، وقت، اسکول، جاتے، کا، کھانے، کھیلنے، سونے، ہے کے فلیش کارڈز بنالیں۔
سبق شروع کرنے سے پہلے ٹیچر کلاس میں دیوار پر لگانے والی گھڑی(wall clock) لے کر آئیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو سکے تو بلیک بورڈ پر گھڑی کی تصویر بنائیں۔

## سیشن 1

کلاس میں وقت کے بارے میں بچوں سے باتیں کریں۔ انہیں بتائیں کہ وقت کی پابندی بہت ضروری ہے اور ہر کام اپنے وقت پر کرنا چاہئے۔ (اس سبق کی پڑھائی کے دوران خصوصاً اور عام طور پر بھی ٹیچر اپنی کلاس میں وقت کی پابندی کا خیال رکھیں۔)
اب بچوں سے کہیں کہ وہ سبق ''کیا وقت ہے'' کھولیں۔ ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔ جب سبق پڑھ چکیں تو ٹیچر بچوں سے باری باری سوالات پوچھیں۔


(1) آپ صبح کس وقت اٹھتے ہیں؟
(2) اسکول جانے کا کیا وقت ہے؟
(3) اسکول میں بریک کا کیا وقت ہے؟
(4) اسکول سے چھٹی کا کیا وقت ہے؟
(5) دوپہر کے کھانے کا کیا وقت ہے؟
(6) شام کو کھیلنے کا کیا وقت ہے؟
(7) رات کو سونے کا کیا وقت ہے؟

بچے اپنی اپنی کاپیوں میں گھڑی کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

## سیشن 2

ٹیچر بچوں سے ایک ایک کر کے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ اگر بچے نہ پڑھ سکیں تو ٹیچر ان کے ساتھ مل کر پڑھیں۔
جب پڑھائی مکمل ہو جائے تو ٹیچر بچوں سے وقت کی اہمیت کے بارے میں بات چیت کریں۔ انہیں بتائیں کہ وقت کی پابندی کرنا کیوں ضروری ہے۔ ان سے پوچھیں اگر وہ صبح وقت پر نہیں اٹھیں گے تو کیا ہو گا۔ انہیں ناشتہ کرنے میں دیر

ہوگی۔ پھر اسکول کی تیاری میں دیر ہوگی اور وہ اسکول دیر سے پہنچیں گے جس کی وجہ سے انہیں ڈانٹ بھی پڑ سکتی ہے۔
اب ٹیچر بورڈ پر چار مختلف اوقات کی گھڑیاں بنائیں اور وقت کا تعین بھی کریں اور بچوں کو بتائیں کہ گھڑی نمبر 1 میں صبح، نمبر 2 میں دوپہر، نمبر 3 میں شام اور نمبر 4 میں رات ہے۔
اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ گھڑی نمبر 1 میں کس کام کا وقت ہے۔ بچے کہیں گے کہ اسکول جانے کا وقت




ہے۔ ٹیچر بچوں کی حوصلہ افزائی کریں اور گھڑی نمبر ایک پر لکھیں کہ "اسکول جانے کا وقت ہے" اسی طرح باری باری ہر گھڑی کے بارے میں بچوں سے پوچھیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جب یہ کام مکمل ہو جائے تو بچوں سے کہیں کہ وہ اسی طرح اپنی اپنی کاپیوں میں بورڈ پر سے دیکھ کر اتارنے کی کوشش کریں۔ اگر بچوں کو دشواری ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔

## گھر کا کام

بچے گھر پر اپنی امی کی مدد سے سبق "کیا وقت ہے" پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 3

جن بچوں نے اب تک سبق کی پڑھائی نہیں کی ٹیچر ان سے پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی ختم ہونے کے بعد ٹیچر بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈ دکھائیں اور ایک ایک کر کے ان سے پوچھیں کہ یہ کیا لکھا ہے اور فلیش کارڈ کے ذریعے ان کو الفاظ کی پہچان کروائیں۔ ٹیچر فلیش کارڈز کے الفاظ کی توڑ جوڑ کروائیں۔ ٹیچر بورڈ پر الفاظ توڑ کر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر انہیں جوڑیں۔ مثلاً

ک + یا = کیا　　　　ا + س + کو + ل = اسکول
و + قت = وقت　　　　سو + ن + ے = سونے

جا + ن + ے = جانے　　　　ہ + ے = ہے

ک + ا = کا　　　　کھا + ن + ے = کھانے

فلیش کارڈز کے ذریعے بچے جو الفاظ سیکھ چکے ہیں ٹیچر بچوں سے ان الفاظ کے جملے زبانی بنوائیں۔ بچے جو جملے بنائیں ٹیچر ان کو بورڈ پر لکھتی جائیں اور آخر میں بچے ان جملوں کو اپنی کوپیوں میں اتاریں۔ مثلاً

وقت = کیا وقت ہے؟

اسکول = اسکول جانے کا وقت ہے۔

## گھر کا کام

بچے گھر پر اپنی امی ابو سے ان کا پسندیدہ وقت پوچھیں اور اپنی کوپی میں کسی بڑے کی مدد سے لکھ کر لائیں اور ان کے دستخط بھی کروائیں۔

# سیشن 4


آج ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کس کس کو گھڑی رکھنے کا شوق ہے اور کیا انہیں ٹائم دیکھنا آتا ہے۔ بچوں کی باتیں غور سے سنیں۔ اس کے بعد ٹیچر بورڈ پر بڑی سی گھڑی بنائیں اور اس میں سوئیوں کی مدد سے 7 بجے کا وقت دکھائیں۔ اب باری باری بچوں کو بلوا کر ان سے گھڑی کی طرف اشارہ کر کے پوچھیں کہ اس میں کیا وقت ہے جب بچہ بتا دے کہ سات بجے ہیں (اگر بچہ نہ بتا پائے تو ٹیچر بتائیں) تو پھر ٹیچر ان سے پوچھیں کہ سات بجے کیا کام کرنے کا وقت ہوتا ہے۔ بچہ یقیناً بتائے گا کہ اسکول جانے کا وقت ہوتا ہے۔

اسی طرح سے بچوں کو باری باری بلوائیں اور گھڑی میں وقت تبدیل کر کے ان سے پوچھیں۔

یہ کام ختم ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے باتیں کریں اور ایک ایک کر کے ان سے پوچھیں کہ ان کو پورے دن میں کون سا وقت زیادہ اچھا لگتا ہے۔ کیا انہیں صبح اسکول آنے کا وقت اچھا لگتا ہے۔ بریک ٹائم کا وقت اچھا لگتا ہے یا شام کو کھیلنے کا وقت اچھا لگتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔

ٹیچر بچوں کو ورک شیٹ نمبر 5.1 دکھائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیوں میں ایک گھڑی بنائیں اور اس میں وہ وقت دکھائیں جو انہیں زیادہ اچھا لگتا ہے اور گھڑی کے نیچے لکھ بھی دیں۔ مثلاً

یا ان سے ورک شیٹ پر یہ کام کروائیں۔




کھیلنے کا وقت

## گھر کا کام

بچے گھر سے سبق "کیا وقت ہے" اچھی طرح پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 5

ٹیچر بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں اور ان سے کہیں کہ وہ بھی پوری توجہ سے سنیں۔
پڑھائی کے بعد بچوں سے درج ذیل الفاظ کو خالی جگہوں میں پر کروائیں۔
اسکول ۔ وقت ۔ کا ۔ سونے۔

(1) ________________ جانے کا وقت ہے۔
(2) کھانے کا ________________ ہے۔
(3) کھیلنے ______________ وقت ہے۔
(4) ______________ کا وقت ہے۔

خالی جگہ پر کروانے کے بعد بچے یہ کام اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

اس کے بعد ٹیچر بچوں کو فلیش کارڈز کے الفاظ دکھا کر ان سے پڑھوائیں۔

جب بچے پڑھ چکیں تو ٹیچر ان الفاظ کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے ان کی کوپیوں میں خوشخطی کروائیں۔ ٹیچر فرداً فرداً ہر بچے کے پاس جا کر ان کے کام کو دیکھیں۔

اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ چھٹی کے دن وہ شام کے وقت کون کون سے کھیل کھیلتے ہیں اور اپنی کوپیوں میں وہ سارے کھیل لکھیں اور اگر وقت ختم ہو جائے تو یہ کام گھر کے کام کے طور پر دیں۔

## سیشن 6

جن بچوں نے اب تک سبق کی پڑھائی نہیں کی ٹیچر ان سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ اس کے بعد ٹیچر بورڈ پر لکھیں، صبح کا وقت، دوپہر کا وقت، شام کا وقت، رات کا وقت۔

اب ٹیچر بچوں سے ان الفاظ کے زبانی جملے بنوائیں اور خود بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جب جملے بن جائیں تو بچوں سے کہیں کہ وہ ان جملوں کو اپنی اپنی کوپیوں میں اتار لیں۔

اس کے بعد ٹیچر بچوں سے وقت کے بارے میں بات چیت کریں۔ انہیں بتائیں کہ جب صبح سویرے سورج کی روشنی ہمارے گھروں پر پڑتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ صبح ہو گئی اور کافی دیر کے بعد جب دھوپ تیز ہو جاتی ہے تو ہم کہتے ہیں دوپہر ہو گئی اسی طرح سے جب سورج کی روشنی چلی جاتی ہے اور اندھیرا ہو جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں رات ہو گئی۔ دن اور رات اسی طرح آتے جاتے ہیں اور وقت گزرتا رہتا ہے۔

اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وقت کا اندازہ ہم گھڑی کے ذریعے بھی لگاتے ہیں۔ ٹیچر بچوں کو (wall clock) کے ذریعے سمجھائیں کہ وقت کس طرح دیکھا جاتا ہے۔ کون سی سوئی سیکنڈ بتاتی ہے' کون سی منٹ اور کون سی گھنٹہ بتاتی ہے۔
اس کے بعد ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ دن 12 گھنٹے کا ہوتا ہے اور رات بھی 12 گھنٹے کی ہوتی ہے۔ اسی طرح دن اور رات ملا کر 24 گھنٹے کہلاتے ہیں۔

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آپ میں سے کون کون اپنی سالگرہ مناتا ہے۔ ٹیچر بچوں کی باتوں کو غور سے سنیں اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کو اپنی سالگرہ منانے کا وقت اچھا لگتا ہے۔

## گھر کا کام

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ گھر جا کر اپنی امی یا ابو کی مدد سے لکھیں کہ آخری مرتبہ ہماری سالگرہ ہوئی تھی تو کیا وقت تھا اور تاریخ بھی لکھیں۔ جو گفٹ ملے تھے ان کی لسٹ بنائیں۔ یہ کام اپنی کوپیوں میں لکھ کر لائیں اور اگلے دن ٹیچر ان کے کام کو چیک کریں اور شاباشی بھی دیں۔ جو بچے گھر سے یہ کام نہ کر کے لاسکیں ٹیچر ان سے کلاس میں پوچھیں اور ان کی کوپیوں میں خود لکھیں۔

# بارش

## سیشن 1

ٹیچر بچوں کو سبق ''بارش'' کی تصاویر دکھا کر سوالات پوچھیں۔

(1) تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟
(2) بارش کس کو اچھی لگتی ہے؟
(3) بارش میں کیا خاص کھانے پکتے ہیں؟

بچوں کو ان کے جواب بتانے دیں۔

اب بچوں سے بات چیت کریں کہ بارش کے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟ مثلاً : ماحول صاف ہو جاتا ہے' بارش سے پانی ملتا ہے' درخت دھل جاتے ہیں' نئے پتے نئے پھول نکلتے ہیں' موسم اچھا ہو جاتا ہے' جانور اور پرندے بھی بارش سے خوش ہوتے ہیں۔

اب بچوں سے پوچھیں کہ جب بارش ہوتی ہے تو وہ کون سے کھیل کھیلتے ہیں؟ (نہانا' تیرنا' کشتی بنا کر تیرانا' پانی میں پھسلنا' وغیرہ)

بچوں کو بتائیں کہ بارش کے دوران یا اس کے فوراً بعد نمی کی وجہ سے لوہے یا کسی دوسری دھات سے بنی ہوئی چیز مثلاً گھنٹی' گیٹ اور دیوار میں بجلی کا کرنٹ آ جاتا ہے۔ لہٰذا ان چیزوں سے دور رہنا چاہئے۔ بچوں سے بارش میں ہونے والے حادثات کے بارے میں باتیں کریں اور تاکید کریں کہ بچے اپنے آپ کو ان حادثات سے محفوظ رکھیں۔
بچے بارش سے متعلق کوئی ایک تصویر بنا کر اس کے مطابق جملہ لکھیں۔

### گھر کا کام

بچے سبق ''بارش'' پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2

ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں اور اس سے متعلق سوالات کریں۔

(1) بارش ہوئی تو بچے اندر کیوں بھاگے؟
(2) باہر بچوں کے ساتھ کتنے جانور اور پرندے نظر آ رہے ہیں؟
(3) اندر جا کر بچوں نے کیا کیا؟
(4) کہانی میں کل کتنے بچے ہیں؟

(5) بچوں نے کتنی کرسیاں ملا کر بس بنائی؟
(6) بچوں کے ساتھ اندر کون سا جانور آ گیا؟
آخر میں بچے کوپی کھولیں اور سبق میں نظر آنے والی کوئی سی چار چیزوں کے نام لکھ کر تصویریں بنائیں۔

## گھر کا کام

بچے سبق میں سے چار الفاظ کی خوشخطی کر کے لائیں۔
بارش۔ اندر۔ دوڑے۔ کھیلتے۔

# سیشن 3

ٹیچر بارش اور دھنک سے متعلق بچوں سے باتیں کریں۔ ان سے پوچھیں کہ بارش کے بعد زمین پر کیا کیا چیزیں نظر آتی ہیں۔ مثلاً کیڑے مکوڑے، مینڈک، (lady bird) وغیرہ۔ آسمان پر کیا کیا نظر آتا ہے۔ مثلاً پرندے، بادل، دھنک وغیرہ۔
اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا انہوں نے کبھی دھنک دیکھی ہے۔ ان کو بتائیں کہ دھنک بارش کے بعد نظر آتی ہے۔ دھنک کے سات رنگ ہوتے ہیں۔ (اودا، نیلا، ہرا، پیلا، نارنجی، لال، بنفشئی) دھنک کے رنگوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ بچے رنگوں کے نام کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

بچے گھر سے ورک شیٹ نمبر 6.1 کر کے لائیں۔

# سیشن 4

ٹیچر کلاس میں کسی ٹب یا بڑے پیالے میں پانی کا انتظام کریں ساتھ ہی کچھ پتے، کیل، سکہ، کنکر اور لکڑی کا ٹکڑا وغیرہ بھی لائیں۔ یہ تجربہ کرنے کے لئے کہ پانی میں ہلکی چیز تیرتی ہے اور بھاری چیز ڈوب جاتی ہے۔ مختلف چیزیں پانی میں ڈال کر بچوں سے سوال کریں کہ وہ چیز تیر رہی ہے یا ڈوب گئی اور کیوں؟ کلاس میں موجود ہلکی اور وزنی چیزوں کے بارے میں پوچھیں۔
بچے کوپی میں دو کولم بنائیں۔ ایک طرف تیرنے والی اور دوسری طرف ڈوبنے والی چیزوں کے نام لکھیں۔

## گھر کا کام

نیچے دیئے گئے الفاظ املا کے لئے یاد کریں۔
بارش۔ سب۔ بس۔ کھیلتے۔ اندر۔ دوڑے۔

## سیشن 5

بچے جو الفاظ یاد کر کے آئے ہیں ان کا املا لیں۔ املا کے بعد سبق کی انفرادی پڑھائی کر وائیں۔

## سیشن 6

ٹیچر بارش سے متعلق آوازیں بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ کڑکڑ، ٹپ ٹپ، سر سر وغیرہ۔ بعد میں بارش سے متعلق کوئی نظم سنائیں یا بچوں سے سنیں۔

اب بچوں کو ورک شیٹ نمبر 6.2 دیں۔ بچے الفاظ کی لکھائی کی مشق کریں۔ پھر وہی الفاظ خالی جگہ میں لکھیں۔ ورک شیٹ پڑھنے میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں۔

## سیشن 7

ٹیچر کلاس میں کاغذ یا اخبار سے کشتی بنانا سکھائیں۔ بچے کشتی بنا کر کوپی میں چپکائیں۔ اس کے گرد پانی اور پانی میں رہنے والے جانور بنائیں اور ان کے نام لکھیں۔ اگر ممکن ہو تو پلاسٹک کی استعمال شدہ بوتلیں کاٹ کر بچے کشتی بنائیں اور پانی میں تیرا کر دیکھیں۔

### گھر کا کام

اپنے والدین کی مدد سے بچے سبق ''بارش'' پڑھ کر آئیں۔ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں۔
کھیلتے۔ بس۔ بارش۔

## سیشن 8

بچے کوپی میں خالی جگہ پر کریں۔
اندر، بارش، بس بس، کرسی۔

(1) ______________ ہوئی۔
(2) سب ______________ آگئے۔
(3) آؤ ______________ کھیلتے ہیں۔
(4) بچوں نے ______________ کو بس بنا لیا۔

# گانا گایا

## تیاری

سبق میں موجود نئے الفاظ کے فلیش کارڈز بنا لیں۔

## سیشن 1

شروع کے پانچ منٹ بچوں کو بالکل خاموش رہ کر اسکول کے ماحول سے مختلف آوازیں سننے کی ہدایت دیں۔ ٹیچر بھی سنیں۔ اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کون کون سی آوازیں سنائی دیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

پرندوں کی۔ بچوں کی۔ گاڑی کے ہورن کی۔ گانے کی۔ گھڑی کی۔ گھنٹی وغیرہ۔

بچے کتابیں کھولیں۔ ٹیچر سبق ''گانا گایا'' کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔

## سیشن 2

بچوں سے کلاس میں انفرادی پڑھائی کروائیں۔ ٹیچر آوازوں سے متعلق ورک شیٹ 7.1 بچوں کو دیں۔ پہلے ٹیچر بچوں کو ورک شیٹ پڑھ کر سنائیں تاکہ بچے کام کرنے میں آسانی محسوس کریں۔ اس کے بعد ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔

### گھر کا کام

سبق ''گانا گایا'' پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 3

بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ

(1) کن بچوں کو ٹیچر بننے کا شوق ہے اور کیوں؟

(2) کیا گھر میں وہ کبھی ٹیچر ٹیچر کھیلتے ہیں؟

(3) اگر ٹیچر بنے تو کیا پڑھانا یا سکھانا پسند کریں گے؟

(4) ٹیچر کے علاوہ وہ اور کیا بننا چاہتے ہیں؟

اب بچوں سے کہیں کہ کوپی میں اپنی پسند کے کسی ایک کردار کی تصویر بنا کر اس کے بارے میں ایک جملہ لکھیں۔ مثلاً اگر ٹیچر کی تصویر بنائی ہے تو جملہ اس طرح لکھیں۔

''یہ ٹیچر ہیں''۔

اگر وقت ہو تو بچے اپنے بنائے ہوئے کردار کے مطابق اداکاری کریں۔

## گھر کا کام

مندرجہ ذیل الفاظ کی پہلے جوڑ توڑ اور اس کے بعد ان ہی الفاظ کے جملے بنائیں۔
گھڑی۔ چوہا۔ شور۔ سر۔ گھمایا۔

# سیشن 4

ٹیچر آج سبق میں موجود الفاظ کے مطابق ہم آواز الفاظ پر کام کر وائیں۔
پہلے سبق کی پڑھائی کریں۔
اس کے بعد ٹیچر بورڈ پر لفظ ''گایا'' لکھ کر بچوں سے ''یا'' کی آواز پر ختم ہونے والے دوسرے الفاظ پوچھ کر لکھیں۔
مثلاً: گایا۔ مچایا۔ بلایا۔ گھمایا۔ بجایا۔ وغیرہ۔
آخر میں بچوں سے الفاظ کی پڑھائی اور پھر لکھائی کر وائیں۔

## گھر کا کام

بچے گھر سے ''یا'' پر ختم ہونے والے آٹھ الفاظ لکھ کر لائیں۔ مثلاً کھایا۔ آیا۔ گیا وغیرہ۔

# سیشن 5

بچے ٹیچر کی مدد سے چارٹ پیپر یا سادے کاغذ پر اپنا ہاتھ رکھ کر ٹریس (trace) کریں اور رنگ بھریں۔ ٹریس کی ہوئی انگلیوں پر ایک سے پانچ تک ہندسوں میں گنتی لکھیں۔ اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں کو کہانی سنائیں یا بچوں سے سنیں۔

# سیشن 6

آج بچے کوپی میں 1-10 تک گنتی ہندسوں اور الفاظ میں لکھیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ سب بچے خود نہ لکھ سکیں۔ لہذا ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور پھر بچوں سے پڑھوائیں۔ بعد میں بچے کوپی میں اتاریں اور گنتی کے مطابق تصویریں بنا کر رنگ بھی بھریں۔

## گھر کا کام

بچے 1-10 تک گنتی ہندسوں اور الفاظ میں لکھ کر لائیں۔ املا کی تیاری بھی کر کے آئیں۔

# سیشن 7

ایک بار پھر فلیش کارڈز سے الفاظ کی پڑھائی کر وائیں۔ بعد میں پانچ یا چھ الفاظ کا املا لیں۔ انہی میں سے کسی دو الفاظ سے آسان جملے بنوائیں۔

# سیشن 8

آج بچوں کو ورزش کروائی جائے گی۔

کلاس سے باہر جانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ انہیں لائن میں خاموشی کے ساتھ باہر جانا ہے تاکہ دوسری کلاسیں شور سے متاثر نہ ہوں۔

باہر جا کر بچوں کی تعداد کے مطابق چار یا پانچ لائنوں میں بچے کھڑے ہوں۔

اب باری باری ہر لائن سے ایک بچہ آ کر ورزش کروائے۔

## گھر کا کام

بچوں کو خالی جگہ پر کرنے کے لئے دیں۔

گانا۔ ہاتھ۔ ورزش۔ چوہا۔ چاچا۔

(1) بابر نے ________ گایا۔

(2) سارہ نے ________ گھمایا۔

(3) آؤ ________ کریں۔

(4) گھڑی پہ ________ ناچا۔

(5) چوں چوں چوں چوں ________

# سیشن 9

آج کہانی کے حوالے سے بچے نظم سنائیں گے۔

سب سے پہلے بچوں سے نظم چوں چوں چاچا سنیں۔

بعد میں چوہے یا کسی بھی جانور یا پرندوں سے متعلق نظمیں سنیں اور سنائیں۔ مثلاً

''پانچ چوہے'' ''سنو گپ شپ'' ''بلبل کا بچہ'' ''ایک تھا تیتر ایک بٹیر'' وغیرہ۔ اگر ممکن ہو تو ان نظموں کو سناتے وقت بچے اداکاری کر کے بھی دکھائیں۔

# لال گاڑی

## تیاری

ٹیچر مختلف گاڑیوں کے ناموں کے فلیش کارڈ بنا لیں۔ مثلاً بس۔ ٹرک۔ ایمبولینس۔ آگ بجھانے والی گاڑی۔ ٹینکر وغیرہ۔
ٹریفک کے نشانات کے فلیش کارڈز بنا لیں۔ مثلاً ''چوراہا'' ''ہارن بجانا منع ہے'' ''اسپیڈ بریکر''۔

## سیشن 1

ٹیچر فلیش کارڈز سے پڑھائی کر وائیں۔ بعد میں ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔ آواز کے اتار چڑھاؤ کا خاص خیال رکھیں۔

### سوالات

(1) سبق میں موجود گاڑی کس رنگ کی ہے؟
(2) گاڑیاں اور کن رنگوں کی ہوتی ہیں؟
(3) گاڑیوں کی ٹکر کیوں ہوتی ہے؟
(4) وہ کون سی جگہیں ہیں جہاں ہورن بالکل نہیں بجانا چاہئے؟ (اسپتال۔ اسکول وغیرہ)
(5) سگنل پر لال بتی جلنے کا کیا مطلب ہے؟

آخر میں بچے گاڑی کی تصویر بنا کر رنگ بھریں۔

### گھر کا کام

بچے گھر سے سبق پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2

بچوں سے سبق کی انفرادی پڑھائی کر وائیں۔ مختلف قسم کی گاڑیوں کے بارے میں باتیں کریں۔ مثلاً کچھ گاڑیاں بڑی ہوتی ہیں کچھ چھوٹی۔ کچھ میں تین پہیئے ہوتے ہیں اور کچھ میں چار یا اس سے بھی زیادہ۔ کچھ گاڑیاں صرف سواری کے لئے استعمال ہوتی ہیں اور کچھ دوسرے کاموں کے لئے۔ مثلاً (ایمبولینس، آگ بجھانے والی گاڑی، ٹینکر وغیرہ)۔

نوٹ:
مختلف گاڑیوں کے ناموں کی پڑھائی فلیش کارڈ سے کر وائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون سی گاڑی بنانا پسند کریں گے۔

## گھر کا کام
سبق لال گاڑی کی پہلی چار لائنوں کی خوشخطی کر کے لائیں۔ گھر سے پرانے جوتے کے ڈبے یا گتے کے ڈبے لائیں۔

# سیشن 3
بچے اپنے ساتھ لائے ہوئے ڈبوں پر رنگ کریں۔ گوند کی مدد سے گتے کے گول پہیئے کاٹ کر لگائیں اور اپنی بنائی ہوئی گاڑی کا نام بھی لکھیں۔ مثلاً ٹرک۔ ٹینکر۔ رکشہ۔ گاڑی یا ایمبولینس وغیرہ۔

## گھر کا کام
بچے ورک شیٹ نمبر 8.1 پر ہدایات کے مطابق رنگ بھر کر لائیں۔

# سیشن 4
ٹریفک کے نشانات (road sign) کے کارڈز بچوں کو دکھا کر ان سے پوچھیں:

(1) کیا انہوں نے یہ نشانات کہیں دیکھے ہیں؟

(2) ان کا کیا مطلب ہے؟

اگر بچے جواب نہ دے سکیں تو ٹیچر خود بتائیں کہ سڑک پر جو مختلف اشارے لگے ہوتے ہیں ان کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

ٹیچر اپنے بنائے ہوئے فلیش کارڈز بورڈ پر لگا دیں۔

بچوں کو چارٹ پیپر کے ٹکڑے دیں کہ وہ کوئی ایک ٹریفک کا نشان بنائیں۔ بچوں کا کام کلاس میں بورڈ پر لگا دیں۔ آخر میں سگنل کے بارے میں بھی سوالات کریں اور بچوں کو سگنل کے حوالے سے یہ نظم سنائیں اور یاد کروائیں۔

جلتی بجھتی بتیوں کا کھیل    شاہراہوں پہ چلتا پھرتا میل
لال پیلی اور ہری بتی    سلجھاتی ہے ساری ریل پیل
لال بتی پہ رک جائیں    پیلی پہ ہوشیار ہو جائیں
ہری پہ آگے بڑھ جائیں    ہری پہ آگے بڑھ جائیں

## گھر کا کام
اگلی کلاس میں املا لیا جائے گا۔ بچے سبق لال گاڑی کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سیشن 5

سبق ''لال گاڑی'' کے آسان الفاظ کا املا لیں۔
نظم ''جلتی بجھتی بتیوں کا کھیل'' ایک ساتھ پڑھیں۔ بعد میں مندرجہ ذیل الفاظ کے ہم آواز الفاظ کوپی میں لکھوائیں۔
مثلاً لال__________ ریل__________ چھوٹی__________ شام__________

## گھر کا کام

بچے سبق پڑھیں اور اس میں سے اپنی پسند کے تین الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 6

بچوں سے پوچھیں کہ موٹر گاڑی یا کار کے علاوہ آنے جانے کے لئے دوسری کون سی سواریاں ہوتی ہیں؟ (رکشہ' بس' موٹر سائیکل' ہوائی جہاز' پانی کا جہاز' کشتی' ٹرک' ریل گاڑی' سائیکل) بچوں سے کہیں کہ وہ ایک ریل گاڑی کی تصویر بنا کر اس کے ہر ڈبے میں کسی ایک سواری کا نام لکھیں اور رنگ بھریں۔

# سیشن 7

بچوں سے ان کی پسندیدہ سواری کے متعلق چار جملے لکھوائیں۔ جملے بناتے وقت بچوں کی حسب ضرورت مدد کریں۔ بچے اس سواری کی تصویر بھی بنائیں۔

# سیشن 8

بچوں سے شور مچانے والی سواریوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچے مختلف سواریوں کی آوازیں نکال کر بتائیں۔
بعد میں بچے ورک شیٹ نمبر 8.2 پر شور مچانے والی چیزوں میں رنگ بھریں۔

## گھر کا کام

بچے بھ۔ پھ۔ تھ سے شروع ہونے والے دو دو الفاظ لکھ کر لائیں۔

# ٹیں ٹیں میں میں

## تیاری

ٹیچر سبق کے الفاظ کے فلیش کارڈ بنائیں۔ ماسک (mask) بنانے کا سامان (چارٹ پیپر، ربر بینڈ، قینچی، رنگین پنسلیں یا کریون (crayon) جمع کریں)۔

اگر ممکن ہو تو ٹیچر ایک طوطا کلاس میں لے کر آئیں یا طوطے اور مختلف پرندوں اور جانوروں کی تصویریں لائیں یا ٹیچر کسی پرندے یا جانور کا ماسک پہن کر آئیں اور کسی چڑیا کا گھونسلا ساتھ لائیں۔

## سیشن 1

ٹیچر اگر پرندہ لائی ہیں تو اسے احتیاط سے بچوں کے ہاتھوں میں پکڑنے کو دیں۔ پھر اس کے بارے میں سوالات کریں۔ بعد میں دوسرے جانوروں اور پرندوں کی تصویریں دکھا کر ان کے نام اور آوازیں بچوں سے پوچھیں۔ پرندوں اور جانوروں میں فرق بھی پوچھیں۔ بچوں کو بتائیں پرندوں کے پر ہوتے ہیں، وہ ہوا میں اڑ سکتے ہیں، وہ انڈے دیتے ہیں، گھونسلے میں رہتے ہیں۔

جانوروں کی دوسری قسم وہ ہوتی ہے جن کے پر نہیں ہوتے وہ بچے دیتے ہیں اور جن کے چار پاؤں ہوتے ہیں۔ اگر کسی بچے کے گھر میں چھوٹا بھائی یا بہن ہے تو وہ اس کی آواز نکال کر بتائے۔ بچوں سے ان کے نانا، نانی اور دادا، دادی کے متعلق بھی سوالات کریں۔ جانوروں اور پرندوں کے نام بورڈ پر لکھ کر پڑھائی بھی کروائیں۔

آخر میں بچے سبق کھولیں۔ ٹیچر تصویرو ں کے متعلق چند سوالات کریں اور نظم پڑھ کر سنائیں۔

## سیشن 2

نظم کے الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈ سے کروائیں۔ ٹیچر بچوں سے پوچھیں کتاب میں کتنے جانوروں کی آوازیں ہیں۔ بچے ورک شیٹ نمبر 9.1 پر کام کریں۔

## سیشن 3

ٹیچر کی مدد سے بچے ایک ساتھ نظم پڑھیں۔ پالتو پرندوں اور جانوروں کے بارے میں باتیں کریں۔ بچوں کو اپنے تجربات بتانے کا موقع دیں۔ ان سے باری باری پوچھیں کہ وہ پالتو کے علاوہ دوسرے جانوروں اور پرندوں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں؟

مختلف جانوروں اور پرندوں کے کھانے کے بارے میں پوچھیں۔

کتاب میں سے ''ی'' ''ے'' والے الفاظ کی پڑھائی کروائیں اور انہیں آوازوں سے ملتے جلتے دوسرے الفاظ بنوائیں۔

اب بچوں کو ورک شیٹ نمبر 9.2 دیں۔

## گھر کا کام

''ی'' پر ختم ہونے والے چار جانور اور پرندوں کے نام لکھیں۔
(بلی، بکری، ہاتھی، طوطا)

# سیشن 4

آج جانوروں اور پرندوں کے ماسک بنانے کا کام کروایا جائے گا۔ ٹیچر چارٹ پیپر کے گول ٹکڑے یا پیپر پلیٹ، ربر بینڈ، رنگین پنسلیں، stapler، قینچی وغیرہ ساتھ لے کر آئیں۔ بچے پیپر کی پچھلی طرف اپنا نام لکھیں اور اپنی مرضی کے کسی جانور یا پرندے کا ماسک بنائیں۔ ماسک بنانے میں بچوں کی مدد کریں۔ جس پرندے یا جانور کا ماسک ہے بچے اس کا نام بھی ماسک کے اوپر لکھیں۔

بعد میں سب بچے اپنے ماسک پہن کر باری باری اس کے مطابق بولی بول کر بتائیں۔

## نوٹ

اگر ماسک نہیں بنوائے جاسکتے ہیں تو مختلف جانور اور پرندوں کے موبائل بنا کر کلاس میں لگائے جائیں۔

## گھر کا کام

مندرجہ ذیل حروف بورڈ پر لکھ کر ان کی جوڑ کرنے کے لئے دیں۔

طو + طا =
ب + ک + ر + ی =
چ + ڑ + ی + ا =
م + ر + غ + ی =
ک + ر + ت + ی =

# سیشن 5

بچوں سے گھر کا کام جمع کرنے کے بعد ٹیچر بچوں سے گھونسلے، جانور، پرندے اور ان کے گھر سے متعلق کام کروائیں۔ اگر ٹیچر کوئی گھونسلا لائی ہیں یا اسکول کے اندر کسی درخت پر گھونسلا ہے تو بچوں کو دکھائیں اور پوچھیں۔

(1) یہ گھونسلا کن چیزوں سے بنا ہے؟
(2) پرندے انڈے کہاں دیتے ہیں؟
(3) سوتے کہاں ہیں؟

جانوروں کے گھر یعنی اصطبل، غار، جھاڑی کی تصویریں دکھا کر ان کے بارے میں بھی سوالات کریں۔
بچے ورک شیٹ نمبر 9.3 پر جانوروں کو ان کے گھروں سے ملائیں۔

## گھر کا کام

اپنے نانا، دادا، نانی یا دادی سے جانوروں یا پرندوں سے متعلق کوئی کہانی یا نظم سن کر آئیں۔ (اگر ممکن ہو تو ٹیچر کسی بزرگ کو کلاس میں بلوائیں)۔

# سیشن 6

اگر کسی بچے کے ساتھ کوئی بزرگ آئے ہیں تو ان سے پرانی کہانیاں اور نظمیں سنی جائیں۔ اگر کسی بزرگ کا آنا ممکن نہ ہو تو اسکول کے کسی بزرگ ٹیچر کو بلا لیں اور وہ بچوں کو کہانیاں اور نظمیں سنائیں۔

# میں کیا کھاؤں

## تیاری
کتاب کے پہلے صفحے پر موجود 10 نئے الفاظ کے فلیش کارڈز بنا لیں۔

## سیشن 1
فلیش کارڈز کے ذریعے بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں۔ اب بچوں سے سبق میں موجود جانوروں کے بارے میں بات چیت کریں۔
بچوں سے پوچھیں
(1) اس کہانی کے آخر میں کیا ہوا؟
(2) کیا بلی کو اس کی پسند کا کھانا مل گیا؟
(3) اگر نہیں ملا تو اس نے کیا کیا ہو گا؟
(4) مرغی نے بلی سے دانہ کھانے کو کیوں کہا؟
آخر میں بچے سبق میں موجود جانوروں اور پرندوں کی تصویریں بنا کر ان کے نام لکھیں۔

## سیشن 2
بچے ورک شیٹ نمبر 10.1 پر کام کریں۔ فلیش کارڈ سے دوبارہ پڑھائی کر وائیں۔
کہانی کے کرداروں کے مطابق بچوں سے کلاس میں ڈرامہ (role play) کروائیں۔ مثلاً ایک بچہ بلی بنے، دوسرا مرغی۔
بچے کتاب میں لکھے جملے پڑھ کر بولیں۔ باری باری سب بچوں کو موقع دیں۔

### گھر کا کام
بچے مختلف قسم کے دانے لے کر آئیں۔ (مکئی، چنا، باجرہ)
ان الفاظ کی خوشخطی کریں۔ کھاؤں۔ دانہ۔ مرغی۔ بولی۔

## سیشن 3
ٹیچر پلاسٹک کی تھیلیوں یا پیالوں میں بچوں کے لائے ہوئے دانے رکھیں۔ یہ سامان کلاس کے ایک کونے میں رکھ دیں۔
دانوں کے ناموں کے فلیش کارڈ بھی لگا کر رکھ دیں۔ بچوں کے ساتھ مختلف دانوں کے متعلق بات چیت کریں۔ اب بچے ہر پیالے میں سے ایک دانہ لے کر کوپی میں چپکائیں اور اس کا نام بھی لکھیں۔

بچوں سے دانوں کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے بتائیں کہ مختلف قسم کے دانے کھانا ہمارے لئے کیوں مفید ہے اور یہ بھی کہ دالیں، چاول، باجرہ، مکئی، گندم، چنے، لوبیا وغیرہ ہم کو اپنے کھانے میں ضرور شامل کرنا چاہئے۔

## گھر کا کام

بچے سبق ''میں کیا کھاؤں'' پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 4

فلیش کارڈ کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔
اب سبق پر بنی ہوئی تصویریں دکھا کر بچوں سے پوچھیں۔
(1) بندر بلی کو کیا دکھا رہا ہے؟
(2) آپ کو کون سا پھل پسند ہے؟

بچوں سے پھلوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں کو مختلف پھل دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔
(1) کون کون سے پھل بغیر چھیلے کھائے جاسکتے ہیں؟
(2) کون سے پھل چھیل کر کھاتے ہیں؟
(3) کن پھلوں کا رس پیا جاتا ہے؟

بچوں کے ساتھ یہ کھیل کھیلیں۔
بڑے پیالے میں تین پھل رکھیں۔ بچے کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر پھلوں کا پیالہ اس کے ہاتھ میں دیں اور بوجھنے کو کہیں کہ یہ کون سے پھل ہیں؟ بچہ پھلوں کے نام بتائے۔ نام بتانے پر بچے کو آنکھیں کھول کر پھل دیکھنے دیں کہ اس نے صحیح بتایا ہے کہ نہیں۔

آخر میں تمام پھل کاٹ کر فروٹ چاٹ بنائیں اور بچے مل بانٹ کر کھائیں۔
بچوں کو ورک شیٹ نمبر10.2 دے کر کینو کا جوس بنانے کا طریقہ زبانی بتائیں۔

## گھر کا کام

بچے نیچے دیئے ہوئے حروف سے شروع ہونے والے مختلف پھلوں کے نام لکھیں پھر تصویریں بھی بنائیں۔
ا۔ ت۔ ک۔ س۔ خ۔
(انار۔ تربوز۔ کیلا۔ سردہ۔ خربوزہ)

## سیشن 5

چوتھے سیشن میں بچوں نے جن پھلوں کی چاٹ بنا کر کھائی تھی ان کے نام پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ پانچ آسان پھلوں کے نام لکھوائیں اور بچے ان کی تصویریں بنائیں۔ مثلاً کیلا' آم' انار' آڑو' سیب۔

### گھر کا کام

بچے گھر سے کوئی ایک سبزی لے کر آئیں۔

## سیشن 6

ٹیچر بچوں سے ان کی لائی ہوئی سبزیوں کے نام پوچھ کر ایک جگہ رکھتی جائیں۔ سبزیوں کے نام بورڈ پر لکھیں اور پڑھوائیں۔ سبزیوں کے بارے میں بھی سوال کریں کہ کون سی سبزی چھیل کر' پکا کر' یا کچی کھائی جاتی ہے۔ باری باری بچوں سے سبق کی پڑھائی بھی کروائیں۔ اگر وقت ہو تو بھنڈی یا بینگن کو کاٹ کر ان کو رنگ میں ڈبو کر کوپی میں چھپائی کریں۔

### گھر کا کام

کسی پانچ سبزیوں کے ناموں کی لکھائی اور الفاظ توڑنے کا کام کریں۔ مثلاً
آلو۔ مولی۔ مٹر۔ گاجر۔ ادرک۔ بھنڈی۔

## سیشن 7

سبق کے فلیش کارڈز میں مددگار الفاظ شامل ہیں۔
ان کارڈز کے ذریعے جملے بنانے کا کام زبانی کر وائیں۔
یہ کام گروپ میں کر وائیں۔
بچے جو بھی جملے بنائیں ٹیچر وہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی میں جملے لکھیں۔
الفاظ : بندر' بلی' کھاتی' بولی۔

### گھر کا کام

ورک شیٹ نمبر 10.3 مکمل کریں۔

# ٹی شرٹ

## تیاری

ٹیچر رنگ، برش اور marker کا انتظام کریں۔

## سیشن 1

ٹیچر بچوں سے سبق کی انفرادی پڑھائی کر وائیں۔ اب بچوں سے سوال کریں کہ کیا آپ نے کبھی کسی پرانی چیز سے کوئی نئی چیز بنائی ہے۔ مثلاً کسی پرانے کپڑے پر نیا رنگ کر دینا، خالی بوتل کو گلدان بنا لینا، پرانے اخبار کی پتنگ بنانا وغیرہ۔
بچوں سے باری باری ان کا جواب سنیں۔
بچوں سے پوچھیں کہ کبھی آپ کا دل چاہتا ہے کہ جس رنگ کے کپڑے آپ نے پہنے ہیں وہ کسی اور رنگ یا ڈیزائن کے ہوں اور یہ بھی کہ اس کے لئے وہ کیا کر سکتے ہیں۔

### گھر کا کام

بچے اپنا کوئی پرانا کپڑا گھر سے لے کر آئیں۔ (ٹی شرٹ۔ فراک۔ قمیض)

## سیشن 2

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ تصویریں بنانے والے کو مصور کہتے ہیں۔ آج سب بچے اپنے لائے ہوئے کپڑوں پر تصویریں بنائیں گے۔ پوسٹر پینٹ سے بچے ان کپڑوں پر اپنی پسند کی تصویریں بنائیں۔ بچوں کے پینٹ کئے ہوئے کپڑے کلاس کے اندر یا باہر ڈوری پر ٹانگ دیں۔

### گھر کا کام

بچے سبق ''ٹی شرٹ'' پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 3

ٹیچر بچوں سے مختلف لباسوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ بچوں سے ان کی پسند کے لباس کے نام پوچھ کر لکھتی جائیں۔ شرٹ، پینٹ، نیکر، ٹی شرٹ، شلوار کرتا، جینز وغیرہ۔ اس کے بعد ان سے پوچھیں کہ

(1) آپ کے کپڑے کون لاتا ہے؟
(2) آپ عام طور پر کس کے ساتھ خریداری کے لئے جاتے ہیں؟

بات چیت کے بعد بچوں کو ورک شیٹ نمبر 11.1 دکھا کر زبانی سمجھائیں اور رنگ بھرنے کے لئے دیں۔

## گھر کا کام

بچے سبق پڑھ کر آئیں۔ اگلی کلاس میں املا لیا جائے گا۔

# سیشن 4

ٹیچر سبق میں سے سات یا آٹھ الفاظ کا املا لیں۔
بچے ان میں سے کسی تین ایسے الفاظ کے جملے بنائیں جن کی تصویریں بھی بنائی جاسکتی ہوں۔ مثلاً کپڑے۔ گاڑیاں۔ وغیرہ۔ تصویریں بنا کر رنگ بھریں۔

# سیشن 5

خالی جگہ میں لفظ ''ہے'' اور ''ہیں'' استعمال کر کے واحد جمع کا کام کوپی میں کریں۔
ٹیچر کلاس میں موجود چیزوں کی مدد سے جملے بنا کر بچوں کو سمجھائیں۔ مثلاً

(1) یہ لڑکا ہے۔
(2) یہ لڑکے ہیں۔
(3) یہ کتاب ہے۔
(4) یہ کتابیں ہیں۔

بورڈ پر نامکمل جملے مکمل کرنے کے لئے دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 یہ گاڑی__________ | 2 یہ گاڑیاں__________ | 3 وہ لڑکی__________ |
| 4 وہ لڑکیاں__________ | 5 یہ بچہ__________ | 6 یہ بچے__________ |

## گھر کا کام

بچے حروف چ، ش، م، ز سے شروع ہونے والے کم از کم دو دو الفاظ لکھ کر تصاویر بنائیں۔

# سیشن 6

ٹیچر سبق میں سے چھ الفاظ کے حروف توڑ کر بورڈ پر لکھیں۔ آج کوپی میں حروف سے الفاظ بنانے کا کام کروائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| الفاظ | ش + ر + ٹ = (شرٹ) | ک + ی + س + ی = (کیسی) |
| | ب + ن + ی = (بنی) | گ + ا + ڑ + ی = گاڑی |
| | ر + ن + گ = (رنگ) | خ + و + د = (خود) |

ان الفاظ میں سے بچے کسی چار کے جملے بھی بنائیں۔

## سیشن 7

ٹیچر بچوں سے کپڑوں کے علاوہ پہننے کی دوسری چیزوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ (ٹوپی' جوتی' چپل' گھڑی' زیور) بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور پڑھوائیں۔
آخر میں بچے کپڑوں کے علاوہ پہننے والی کسی تین چیزوں کے نام لکھ کر تصویریں بنائیں۔

### گھر کا کام

گھر سے لڑکیاں اپنا اور امی کا کرتا' لڑکے اپنی اور ابو کی شرٹ یا کرتے بالشت سے ناپ کر سائز میں فرق لکھ کر لائیں۔ کپڑوں کی تصویریں بھی بنائیں۔

## سیشن 8

بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون کون سے کام خود کرتے ہیں۔ باری باری بتائیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے کام ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً کھانا کھانا' بوتل سے پانی نکال کر پینا' نہانا' کپڑے پہننا' جوتے پہننا' بستر اور کمرہ ٹھیک کرنا' اسکول کا کام وغیرہ۔
آخر میں بچے کوپی میں کوئی تین ایسی تصویریں بنا کر جملے لکھیں جن میں وہ خود کوئی کام کر رہے ہیں۔

### گھر کا کام

شام کو بچے اپنے ابو سے پوچھیں کہ وہ گھر میں کس کس کام میں امی کی مدد کرتے ہیں۔ (مثلاً' برتن دھونا' بچوں کو کھانا کھلانا یا کہانی سنانا وغیرہ)۔ اس بات کا جواب لکھ کر بچے اگلے دن اسکول لائیں۔

## سیشن 9

ٹیچر باری باری بچوں سے ان کے ابو سے کئے گئے سوالات اور ان کے جوابات سنیں۔
اب ٹیچر بچوں سے درزی کے بارے میں بات چیت کریں۔
(1) کپڑے سینے والے کو کیا کہتے ہیں؟ (درزی)

(2) سلائی سے پہلے درزی کپڑے کا کیا کرتے ہیں ؟ (پہلے ہمارا ناپ لیتے ہیں' پھر لئے گئے ناپ کے مطابق کپڑے کو کاٹتے ہیں)۔

(3) درزی کے پاس کون کون سا سامان ضرور ہونا چاہئے؟ (قینچی' ناپنے والا فیتہ' دھاگا' مشین' سوئی وغیرہ)

ٹیچر بچوں کو پرانے اخبار پر مارکر سے کسی ایک کٹی ہوئی قمیض / شلوار کی تصویر بنا کر دکھائیں۔ بچے اس میں رنگ بھریں یا کوئی ڈیزائن بنا کر اس کو کاٹ لیں۔ اس کے بعد ورک شیٹ نمبر 11.2 پر کام کروائیں۔

# میں کون ہوں

## تیاری
سبق کے نئے الفاظ کے فلیش کارڈز بنا لیں۔

## سیشن 1
ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم کلاس میں پہیلیاں بوجھیں گے۔ پہلے ٹیچر بچوں سے کوئی آسان پہیلی پوچھیں مثلاً
وہ کون سا پرندہ ہے جس کے سر پر پیر ہیں؟ (سب پرندوں کے)

اب بچوں سے پوچھیں کیا انہیں کوئی پہیلی آتی ہے۔ آخر میں دو یا تین آسان پہیلیاں بچوں کو سنائیں۔ مثلاً
(1) ہری تھی من بھری تھی سو لاکھ موتی جڑی تھی۔ (بھٹا)
(2) کٹورے پہ کٹورا بیٹا باپ سے بھی گورا۔ (ناریل)
(3) ایک تھال موتیوں بھرا سب کے سروں پر الٹا دھرا؟ (آسمان)
(4) گوشت نہیں کھایا، قمیض پہنی نہیں، بتائیں کیوں؟ (گلا نہیں تھا)
(5) لال گائے پانی پیئے اور مر جائے۔ (آگ)

مچھلی والی پہیلی کلاس میں پڑھیں بچوں سے جواب پوچھیں۔
آخر میں بچے کوپی میں مچھلی کی تصویر بنا کر اس کے بارے میں ایک جملہ لکھیں۔

### گھر کا کام
بچے گھر سے مچھلی کے بارے میں کوئی تین خاص باتیں لکھ کر لائیں۔

## سیشن 2
سبق ''میں کون ہوں'' کی انفرادی پڑھائی کروائیں۔ پڑھائی کروانے کے بعد بچوں کو ورک شیٹ نمبر 12.1 دیں۔ ورک شیٹ پر مختلف جانوروں سے متعلق پہیلیاں موجود ہیں۔ ٹیچر ورک شیٹ میں سے پہیلیاں زبانی پوچھیں۔ اس کے بعد بچے ورک شیٹ پر کام کر وائیں۔

### گھر کا کام
بچوں سے کہیں کہ اگر کسی کے گھر میں مچھلیاں پلی ہیں تو ایک پرانی بوتل یا جار میں پانی بھر کر اس میں مچھلی ڈال کر لائیں۔

## نوٹ

اگر ہو سکے تو ٹیچر خود انتظام کر لیں۔

# سیشن 3

بچے مچھلی کو غور سے دیکھیں۔ ٹیچر بچوں سے مچھلی کے بارے میں سوالات کریں۔ مثلاً
مچھلی کیا کھاتی ہے؟
کس طرح سانس لیتی ہے؟
تیرنے میں اپنے جسم کے کس حصے سے مدد لیتی ہے؟

## یا

کلاس میں کسی مچھلی والے کو بلا کر بچوں کو مچھلی دکھائیں اور اوپر دیئے گئے سوالات کے مطابق باتیں کریں۔ اس کے بعد ٹیچر بچوں سے مختلف مچھلیوں کے نام پوچھیں۔ شارک' سورڈ مچھلی' جیلی فش' ستارہ مچھلی وغیرہ۔ بچوں سے یہ بھی پوچھیں کہ پانی میں اور کون کون سے جانور رہتے ہیں۔ (مگرمچھ' کچھوا' مینڈک وغیرہ) پانی کے دوسرے جانوروں کے نام ٹیچر بورڈ پر واضح طور پر لکھتی جائیں۔ بچے یہ نام اپنی کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

بچے سبق ''میں کون ہوں'' گھر سے پڑھ کر آئیں۔ ''مچھلی گھر'' بنانے کے لئے کچھ بچے جوتے یا گتے کا کوئی ایک ڈبہ لے کر آئیں۔ کچھ بچے مچھلی پر چپکانے کے لئے انڈے کے چھلکے یا چمکیلا کاغذ یا کوئی بھی چھوٹی چمکدار چیزیں مثلاً گوٹا کناری' ستارے وغیرہ لائیں۔

# سیشن 4

سبق کے الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈز سے کروائیں۔ اس کے بعد بچوں کے ساتھ مل کر مچھلی گھر بنائیں۔
کام کو بچوں میں تقسیم کر لیں۔ کچھ بچے ایک چارٹ پیپر پر مچھلی کی تصویر بنا کر کاٹیں۔ اب اس مچھلی پر گوند سے انڈے کے چھلکے چپکائیں اور برش سے اپنی پسند کا رنگ کریں۔ کچھ بچے ڈبے کے اندر نیلا رنگ کریں۔ ڈبے کے اندر بالو مٹی اور چھوٹے پتھر بھی چپکا دیں۔ اگر ممکن ہو تو کچھ ہرے پتے یا گھاس بھی لگائیں۔

اب یہ مچھلی گھر کلاس میں سجا دیں۔

## گھر کا کام

بچے گھر سے حرف ''م'' سے شروع ہونے والے کوئی پانچ الفاظ لکھ کر لائیں۔ اس کے علاوہ بچے اپنی پسند کی ایک کتاب جو انہوں نے پڑھی ہو (یا نہ پڑھی ہو) اگلے دن کلاس میں لائیں۔ اس طرح سے بچوں میں کتاب پڑھنے کا شوق پیدا ہوتا ہے۔

# سیشن 5

بچوں کو صفحہ 43 اور 44 پڑھ کر سنائیں۔

طوطے کی تصویر دکھا کر بچوں کو بتائیں کہ طوطا ایک پرندہ ہے۔ کیا وہ اور دوسرے پرندوں کے نام بتا سکتے ہیں؟ بچے جن پرندوں کے نام بتائیں وہ نام بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے پرندوں کے نام اپنی کوپی میں اتاریں۔ اگر وقت ہو تو بچوں سے ان کے بتائے ہوئے مختلف پرندوں کے بارے میں باتیں کریں۔

## گھر کا کام

بچے کاغذ پر ایک پرندہ بنا کر اس میں رنگ بھریں۔ پھر کاٹ کر اپنی کوپی پر چپکائیں۔ اس پرندے کے بارے میں تین جملے لکھ کر لائیں۔

# سیشن 6

بچے پرندوں سے متعلق کوئی ایک پہیلی بنائیں۔ اس کام میں ٹیچر بچوں کی مدد کریں۔ یہ پہیلی ٹیچر بورڈ پر لکھیں بچے اپنی کوپی پر اتار لیں۔ اب بچے زبانی پہیلیاں بنا کر ایک دوسرے سے بوجھیں۔

# سیشن 7

ٹیچر بورڈ پر خالی جگہ پر کرنے کے لئے جملے لکھیں۔ بچے کوپی میں یہ جملے اتاریں اور دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔

انڈے، پر، چونچ، گھونسلے۔

(1) پرندوں کے ____________ ہوتے ہیں۔

(2) پرندے ____________ دیتے ہیں۔

(3) پرندوں کی ____________ ہوتی ہے۔

(4) پرندے ____________ میں رہتے ہیں۔

## گھر کا کام

بچے مختلف پرندوں کے پر جمع کر کے لائیں۔ جس پرندے کا پر ہے اس کا نام بھی معلوم کریں۔

## نوٹ

ٹیچر بچوں کو تاکید کریں کہ کسی زندہ پرندے کو پکڑ کر پر نہیں نوچنے ہیں۔

# سیشن 8

بچے سبق کی باری باری پڑھائی کریں۔ ٹیچر کی مدد سے اپنے لائے ہوئے پر ایک چارٹ پیپر کے اوپر چپکا کر پرندوں کے نام لکھیں۔

## گھر کا کام

کسی پالتو پرندے کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں چار یا پانچ جملے لکھیں۔

# سیشن 9

بچوں کو ورک شیٹ نمبر 12.2 دیجئے۔ جس میں بچے خاکہ مکمل کریں۔ ورک شیٹ پر کام کروانے سے پہلے بچوں سے مختلف جانوروں کے پرٗ پنجےٗ انڈےٗ چونچ اور گھونسلے کے بارے میں بات کریں۔ اگر وقت ہو تو بچوں کو پرندوں سے متعلق کوئی نظم سنائیں یا پہیلیاں بھی بوجھی جا سکتی ہیں۔

# گدھا گاڑی

## تیاری
کیونکہ یہ سبق دھوبی سے متعلق ہے اس لئے اگر ہو سکے تو اسکول میں کسی دھوبی کو بلوا کر بچوں کی بات چیت کر وائیں۔

## سیشن 1
بچے دھوبی سے یہ سوالات کر سکتے ہیں۔

(1) آپ کا نام کیا ہے؟
(2) آپ کپڑے کیسے دھوتے ہیں؟
(3) آپ ایک دن میں کتنے کپڑے دھوتے ہیں؟
(4) آپ کپڑے کہاں سکھاتے ہیں؟
(5) کپڑے دھونے کی جگہ کو کیا کہتے ہیں؟
(6) آپ مختلف گھروں کے کپڑوں کی پہچان کس طرح کرتے ہیں؟

اب بچوں سے کہیں کہ وہ دھوبی کی تصویر بنا کر اس کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

## گھر کا کام
بچے گھر سے سبق ''گدھا گاڑی'' پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 2
بچے سبق ''گدھا گاڑی'' کھولیں۔ ٹیچر پڑھنا شروع کریں۔ سبق پڑھتے ہوئے انداز دلچسپ ہونا چاہئے۔ الفاظ کے اتار چڑھاؤ کا خیال رکھیں۔ سبق پڑھنے کے بعد بچوں سے سبق سے متعلق سوالات کریں۔ مثلاً

(1) دھوبی کون ہے؟
(2) دھوبی کپڑے لے کر کہاں گیا؟
(3) ندا اور دانش چپکے سے باہر کیوں گئے؟
(4) گدھا گاڑی کیسے چل پڑی؟
(5) کیا آپ کے گھر میں بھی کوئی دھوبی آتا ہے؟
(6) اگر نہیں تو کپڑے کون دھوتا ہے؟

(7) کیا آپ نے گدھا گاڑی کی سیر کی ہے؟
(8) دھوبی اپنے گدھے کا کیسے خیال رکھتے ہیں؟
(9) گدھے کا تو دھوبی خیال کرتے ہیں لیکن آپ اپنے پالتو جانور کا خیال کیسے کرتے ہیں؟
بچوں کو جانوروں سے متعلق ورک شیٹ نمبر 13.1 دیں جس میں جانوروں کی دموں کو ملانا ہے۔

## گھر کا کام

خوشخطی کے لئے الفاظ بچے بورڈ پر سے اتاریں۔
الفاظ : گدھا گاڑی' اندر' کپڑے' چپکے۔

# سیشن 3

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ وہ کون سے جانور ہیں جو مختلف کاموں میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے نام بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے کوپی میں وہ نام اتاریں۔

بچوں کو بتائیں کہ بعض جانور سواریوں کے کام بھی آتے ہیں جیسے اونٹ گاڑی' بیل گاڑی' گھوڑا گاڑی۔ پرانے زمانے میں لوگ ہاتھی کی سواری بھی کرتے تھے۔ بعد میں صفحہ 45 اور 46 کی لکھائی کر وائیں۔

## گھر کا کام

بچے گھر میں گتے یا کاغذ کی مدد سے گاڑیاں بنائیں اور دوسرے دن اسکول لے کر آئیں۔

# سیشن 4

بچوں کی بنائی ہوئی گاڑیاں کلاس میں رکھ دیں اور باری باری بچے اپنی گاڑی کی خصوصیات بتائیں۔ خصوصیات خیالی بھی ہو سکتی ہیں۔

بچوں سے ان جانوروں کے بارے میں بات کریں جن سے ہم فائدہ اٹھاتے ہیں۔ جیسے
(1) مرغی سے گوشت اور انڈے حاصل کرتے ہیں۔
(2) بکرے کی کھال سے چمڑا بنتا ہے۔
(3) بھیڑوں کے بال اون بنانے کے کام آتے ہیں۔
(4) گائے سے دودھ ملتا ہے۔

بچوں کو ورک شیٹ 13.2 دیں۔ بچے اس پر کام کریں۔

## گھر کا کام

بچے گھر میں اپنے والدین سے ان کے پیشے کے بارے میں پوچھیں اور کوپی میں اس پیشے کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

## سیشن 5

آج بچوں سے مختلف پیشے اور ان کے ناموں کے بارے میں بات چیت کریں مثلاً

(1) باغ کی دیکھ بھال کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(2) درزی کیا کام کرتے ہیں؟

ٹیچر بورڈ پر پیشوں سے متعلق جملے لکھیں۔ بچے پہلے یہ جملے پڑھیں پھر کوپی میں اتاریں۔

(1) مالی باغ کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔

(2) درزی کپڑوں کی سلائی کرتے ہیں۔

(3) استاد بچوں کو پڑھاتے ہیں۔

(4) باورچی کھانا پکاتے ہیں۔

اس کے بعد بچوں کو ورک شیٹ نمبر 13.3 دیں جس میں بچے تصویر کے سامنے پیشے لکھیں۔

## گھر کا کام

املا کی تیاری کے لئے سبق ''گدھا گاڑی'' پڑھ کر آئیں۔ آج بچوں سے پھر کہیں کہ وہ اپنی پسند کی کوئی اور کہانی کی کتاب آئندہ کلاس میں لے کر آئیں۔ ٹیچر بھی آٹھ دس مختلف اور آسان کہانی کی کتابیں جمع کرلیں اور آئندہ کلاس میں لے کر آئیں تاکہ جو بچے کہانی کی کتاب نہ لائے ہوں ان کو پڑھنے کو دے سکیں۔ یہ مشق اس لئے ضروری ہے کہ بچوں کو textbook سے ہٹ کر اور کتابوں کو پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہو۔

## سیشن 6

ٹیچر سبق میں سے چھ یا آٹھ الفاظ کا املا لیں۔ بعد میں ان میں سے پانچ الفاظ توڑ کر بھی لکھوائیں۔ اس کام میں بچوں کی مدد کریں۔ دھوبی۔ چپکے۔ گدھا۔ اندر۔ باہر۔ کپڑے۔

اس کے بعد باری باری بچوں سے ان کی لائی ہوئی کتاب سے پڑھائی کروائیں۔

## گھر کا کام

بچے صفحہ نمبر 47 سے 48 کی لکھائی گھر سے کر کے لائیں۔

## سیشن 7

کچھ بچوں سے سبق کی انفرادی پڑھائی کر وائیں۔
بعد میں بچے کوپی میں خالی جگہ پر کریں۔

(1) دھوبی گدھا گاڑی پر ______________ لائے۔
(2) ندا اور دانش چپکے سے ______________ آئے۔
(3) دونوں گدھا گاڑی پر ______________ گئے۔
(4) دانش ڈر کر بولا ______________ ______________

## سیشن 8

آج گدھا گاڑی' گھوڑا گاڑی' اونٹ گاڑی یا بیل گاڑی والے کو اسکول میں بلائیں اور بچوں کو سیر کر وائیں۔

## یا

بچے مختلف لباسوں کی تصویریں بنا کر ان کے نام ٹیچر کی مدد سے لکھیں۔ اپنے پسندیدہ لباس کے بارے میں دو لائنیں لکھیں۔

# وہ رہا چاند

## تیاری

سبق کے الفاظ کے فلیش کارڈز بنائیں۔ عید کے حوالے سے ٹیچر کچھ چیزیں مثلاً سویاں' دودھ کا ڈبا' تھوڑی سی شکر اور میوہ لائیں۔

عید کارڈ بنانے کے لئے گتہ یا کاغذ' رنگین پنسلیں' ڈوری اور گوٹا قینچی اور گوند وغیرہ کا انتظام بھی کر لیں۔ کلاس میں ایک باریک سا سفید کاغذ کا چاند بھی کاٹ کر لائیں۔

## سیشن 1

ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔ بچے کتاب میں تصویریں بھی دیکھیں۔ اب بچوں سے سبق سے متعلق سوالات کریں۔

(1) دونوں بچے آسمان پر کیا دیکھنے کی کوشش کر رہے ہیں؟

(2) کس موقع پر لوگ اپنے گھر کی چھت یا صحن میں شام کو کھڑے ہو کر آسمان کی طرف بے چینی سے دیکھتے ہیں؟

بچوں سے عید کے متعلق چیزوں کے نام پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ سوفٹ بورڈ پر چاند کے نیچے یا اوپر ''عید کا چاند'' لکھ کر لائیں اور اس کے ارد گرد فلیش کارڈ بھی لگائیں۔ آخر میں بچے سبق کی پڑھائی کریں اور تصویریں دیکھیں۔

## گھر کا کام

''بچے عید کا دن کیسے گزارتے ہیں؟'' اس موضوع پر بچے دس جملے لکھ کر لائیں۔

## سیشن 2

بچوں سے پوچھیں کہ عید کے علاوہ دوسرے کون سے تہوار ہوتے ہیں۔ بچوں کے بتائے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً نوروز' بقرعید' کرسمس' ہولی' دیوالی وغیرہ۔

## نوٹ

ٹیچر دوسرے مذاہب کے تہواروں کو بھی برابر کی اہمیت دیں۔ ان تہواروں کے بارے میں بچوں سے بنیادی سوالات کریں اور خود بھی بتائیں۔ اگر ان مذاہب کے بچے موجود ہیں تو وہ اپنے مذاہب کے بارے میں بتائیں۔

عید اور بقرعید کے بارے میں ٹیچر تفصیلی بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ ہم یہ تہوار کیوں مناتے ہیں؟ بچے عید کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔ اگر کلاس میں کام مکمل نہ ہو سکے تو بچے گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## سیشن 3

ایسے الفاظ پر کام کروائیں جو کسی سمت کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ سبق میں موجود الفاظ کے علاوہ دوسرے الفاظ بھی بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ (اوپر۔ نیچے۔ پاس۔ دور۔ اندر۔ باہر۔ آگے۔ پیچھے) کلاس میں موجود چیزوں کے مطابق ان الفاظ کا استعمال بتائیں۔ مثلاً میز آگے ہے۔ کرسی پیچھے ہے؛ چھت اوپر ہے۔ وغیرہ)

ورک شیٹ نمبر 14.1 پر کام کر وائیں۔

### گھر کا کام

بچے سبق پڑھ کر آئیں۔

## سیشن 4

ٹیچر بچوں سے عید کارڈ بنوائیں۔ ٹیچر ضروری سامان ساتھ لے کر آئیں۔ عید کارڈ پر بلاک پرنٹنگ بھی کروائی جاسکتی ہے۔ اس کام میں ٹیچر بچوں کی ہر طرح سے مدد کریں۔

ہر بچہ اپنا عید کارڈ کسی کے نام لکھے مثلاً ''پیارے ابو امی عید مبارک''۔ کارڈ پر لکھنے کا طریقہ ٹیچر بورڈ پر لکھ کر بتائیں۔ کارڈ کے نیچے بچے اپنا نام بھی لکھیں اور تاریخ بھی ڈالیں۔ بچوں کے بنائے ہوئے کارڈ بچوں کو گھر لے جانے دیں۔

### نوٹ

اگر عید قریب نہیں ہے تو سالگرہ یا نئے سال یا کوئی دوسرے موقع کا کارڈ بھی بنایا جاسکتا ہے۔

### گھر کا کام

بچے سبق میں سے املا کے لئے الفاظ یاد کر کے آئیں۔

## سیشن 5

ٹیچر سبق ''وہ رہا چاند'' میں سے آٹھ سے دس الفاظ کا املا لیں۔ بعد میں بچوں سے املا میں لکھوائے گئے کسی پانچ الفاظ کے جملے بنوائیں۔

# سیشن 6

بے ترتیب جملوں کو ترتیب میں لکھنے کا طریقہ سکھائیں۔

پہلے ٹیچر خود بے ترتیب جملہ لکھ کر صحیح کریں۔ بعد میں بچے بھی یہ ہی کام کریں۔

بے ترتیب جملے

(1) اوپر درخت چڑیا ہے کے بیٹھی۔
(2) کالا بادلوں کا رنگ ہے۔
(3) بہت اوپر اڑتا ہوائی جہاز ہے۔
(4) ہوتے ستارے آسمان پر ہیں۔

## گھر کا کام

لفظ ''ستارے'' سے ہم آواز الفاظ بنا کر لائیں۔ جیسے ''ہمارے'' ''کنارے'' ''دلارے'' وغیرہ۔

# سیشن 7

نیچے دیے گئے الفاظ کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

الفاظ : چڑیا، اوپر، ہوائی جہاز، بادلوں، عید مبارک، ستارے۔

(1) ____________ ہوا میں اڑ رہی ہے۔
(2) ____________ ایئر پورٹ پر ہے۔
(3) چاند ____________ میں ہے۔
(4) چاند کے پاس ____________ ہیں۔
(5) بلی درخت کے ____________ ہے۔
(6) تم سب کو ____________ ہو۔

## گھر کا کام

بچے گھر سے سبق پڑھ کر آئیں اور کوئی سے پانچ الفاظ کے جملے بنا کر لائیں۔

## نوٹ

ٹیچر اگلے سیشن کے لئے عید کے حوالے سے سویوں کا سامان لائیں۔

# سیشن 8

ٹیچر پہلے شیر خرمہ بنانے کے بارے میں بات چیت کریں۔ شیر خرمہ میں استعمال ہونے والی تمام چیزیں بچوں کو دکھائیں۔ انہیں چیزوں کو ہاتھ میں لے کر دیکھنے دیں۔ بورڈ پر چیزوں کے نام لکھیں۔ پھر کلاس میں شیر خرمہ بنائیں۔

شیر خرمہ کیسے بنا؟ بچے ترکیب جملوں میں لکھیں۔ آخر میں بنا ہوا شیر خرمہ بچوں کو کھلائیں۔

## گھر کا کام

ورک شیٹ نمبر 14.2 پر کام کر کے آئیں۔

# کھیل کھلونے

## تیاری

ٹیچر نئے الفاظ کے فلیش کارڈ بنائیں۔ اس کے علاوہ کھیل کے لئے گیند بھی لائیں۔

## سیشن 1

آج ٹیچر کلاس میں اپنے ساتھ ایک گیند لے جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک کھیل کھیلیں گے۔ کھیل کا طریقہ بچوں کو سمجھائیں۔ ''گیند جس بچے کی طرف جائے گی وہ بچہ گیند پکڑ کر ایک کھیل کا نام بتائے گا اور دوسرے بچے کی طرف پھینک دے گا۔ جب سب کی باری ہو جائے تو بچوں سے ان کے پسند کے کھیلوں کے نام پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے کوپی میں اتاریں''۔

## سیشن 2

بچے سبق کھولیں اور ٹیچر دلچسپ انداز میں سبق پڑھیں۔ اب بچوں سے سبق کے حوالے سے سوالات کریں۔

(1) کھلونے والے کے پاس کون سے کھلونے ہیں؟
(2) کھلونے والا کس چیز پر کھلونے بیچ رہا ہے؟
(3) سائیکل پر کتنے کھلونے ہیں گن کر بتائیں؟
(4) کون کون سے کھیلوں میں گیند استعمال ہوتی ہے؟
(5) گیند کے ساتھ بلا کن کھیلوں میں استعمال ہوتا ہے؟

مختلف قسم کے بلوں اور گیند کی تصویریں بچوں سے کوپی میں بنوائیں۔ جیسے بیس بال، ٹیبل ٹینس، اسکواش، بیڈمنٹن۔

## گھر کا کام

پلے ڈو(playdough) بنانے کے لئے بچوں سے ایک پیالی میدہ یا چکنی مٹی منگوائیں۔

## سیشن 3

بچوں کا لایا ہوا میدہ اکٹھا کر لیں۔ میدے میں برابر کا نمک اور رنگ ملا کر پانی سے گوند لیں۔ پلے ڈو (playdough) تیار ہو جائے گا۔

اگر بچے میدہ نہ لاسکیں تو چکنی مٹی گوند کر بچوں سے مٹی کے کھلونے بنوائیں۔ ہر بچہ اپنی پسند کا ایک کھلونا بنائے۔

## گھر کا کام

بچے اپنی پسند کے کھلونے کی تصویر کوپی میں بنا کر اس کے بارے میں ایک جملہ لکھ کر لائیں۔

# سیشن 4

کلاس کو دو گروپس میں بانٹ کر کھیلوں سے متعلق سوالات کا مقابلہ کروایا جائے۔ جیتنے والی ٹیم کے لئے سب مل کر تالیاں بجائیں۔ اگر ممکن ہو تو ٹیچر جیتنے والی ٹیم کو ٹوفی یا پنسل کا تحفہ دیں۔ اس سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

### سوالات

(1) کرکٹ کی ایک ٹیم میں کتنے کھلاڑی ہوتے ہیں؟
(2) کرکٹ میں آؤٹ ہونے کے کوئی دو طریقے بتائیں؟
(3) کرکٹ میں کسی دو کھلاڑیوں کے نام بتائیں؟
(4) ہمارا قومی کھیل کیا ہے؟
(5) جہانگیر خان اور جان شیر خان کس کھیل کے حوالے سے مشہور ہیں؟
(6) بیڈمنٹن میں بلے کے ساتھ کس چیز سے کھیلتے ہیں؟
(7) لوڈو میں کن رنگوں کی گوٹیاں ہوتی ہیں؟
(8) کیرم میں درمیان میں رکھی جانے والی گوٹ کو کیا کہتے ہیں؟
(9) لوڈو اور کیرم میں زیادہ سے زیادہ کتنے لوگ کھیل سکتے ہیں؟
(10) کیرم میں کل کتنی گوٹیں ہوتی ہیں؟

بچے گھر کے اندر کھیلنے والے کسی کھیل کی تصویر بنائیں اور اس کا پہلا حرف لکھیں۔ اگر کوئی بچہ کھیل کا پورا نام لکھ سکتا ہے تو وہ پورا نام لکھ دے۔

## گھر کا کام

ٹیچر بورڈ پر چار الفاظ خوشخطی کے لئے لکھ کر دیں۔
الفاظ پتنگ، لٹو، گاڑی، لکڑی۔

# سیشن 5

بچوں سے ان کے پسندیدہ کھلونوں کے بارے میں باتیں کریں۔ بعض کھیل ایسے بھی ہوتے ہیں جن میں کھلونوں کی ضرورت نہیں ہوتی ہے جیسے چڑیا اڑی، چھپن چھپائی، کوڑا جمال شاہی، پہل دوج وغیرہ۔ اپنے پسندیدہ چار کھلونوں کی

تصویریں بنائیں۔ اگر وقت ہو تو کلاس میں کام ختم کرنے کے بعد بچے ٹیچر کے ساتھ پہل دوج یا کوڑا جمال شاہی کھیلیں۔

## گھر کا کام

نیچے دیئے گئے ہر ایک حرف سے شروع ہونے والے کم از کم دو الفاظ بنائیں۔
ل، گ، م، پ، س۔ بچے گھر سے اپنا کوئی کھلونا لے کر آئیں۔

# سیشن 6

آج ہم آواز الفاظ پر کام کروائیں۔ ضروری نہیں کہ الفاظ صرف سبق سے ہی لئے جائیں۔ ٹیچر بورڈ پر ہم آواز الفاظ لکھ کر سمجھائیں۔ ہم آواز الفاظ بناتے وقت اگر بچے بے معنی الفاظ بھی بنائیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ ٹیچر وہ الفاظ بھی بورڈ پر لکھتی جائیں۔

جیسے : نام، شام، کام، رات، بات، سات وغیرہ۔

زبانی پڑھائی کے بعد بچوں کو باہر لے جائیں جہاں وہ اپنے لٹو یا کسی اور کھلونے سے کھیلیں۔

## گھر کا کام

نیچے دیئے گئے الفاظ سے ہم آواز الفاظ بنا کر لائیں۔
الفاظ: نام۔ بات۔ مالی۔ بولو۔

# سیشن 7

سبق کی انفرادی پڑھائی کر وائیں۔ پڑھائی کے بعد بچوں کو چوکور کاغذ دیں اور ان سے پتنگ بنوائیں۔ پہلے ٹیچر خود بچوں کو بنا کر دکھائیں۔ پتنگ کے لئے پرانا اخبار بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ کاغذ کے دوسرے کھلونے بھی بنوائے جاسکتے ہیں۔ مثلاً پنکھا، پھول، گیند، جہاز اور کشتی وغیرہ۔

# سیشن 8

سبق میں سے پانچ الفاظ کی توڑ جوڑ کر وائیں اور اگر وقت ہو تو سبق کے پانچ الفاظ کا املا کر وائیں۔
الفاظ : بلا، لٹو، گاڑی، لکڑی۔

## گھر کا کام

خوشخطی کے لئے الفاظ لکھ کر دیں۔
مجھے، سارے، کھلونے، گیند۔

# سیشن 9

آج "ھ" والے الفاظ پر کام کروایا جائے گا۔ مثلاً کھونا، کھولو، کھلونے، کھیل، چھٹی۔ ان الفاظ کی لکھائی اور پڑھائی کروائیں۔

ٹیچر بچوں کو اندر اور باہر کھیلے جانے والے کھیلوں میں فرق بتائیں۔ اس کے بعد بچوں کو باہر لے جا کر کرکٹ یا کوئی اور outdoor کھیل کھلوائیں۔


## گھر کا کام

بچے اپنی پسند کے کسی چار کھیلوں سے متعلق تصویریں بنا کر ان کے نام لکھ کر لائیں۔

رنگ

## رنگ ہی رنگ

تصویر میں رنگ بھریں



# گرمی آئی

## کون کہاں ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| اندر | باہر | اوپر | نیچے |
| آگے | پیچھے | پاس | دور |



کتاب میز کے ____________ ہے

بلی میز کے ____________ ہے



نادر الماری کے ____________ ہے

بلی الماری کے ____________ ہے



بابر کرسی کے ____________ ہے

میز کرسی کے ____________ ہے



درخت گھر کے ____________ ہے


بادل گھر سے ____________ ہے

ورک شیٹ نمبر 3.1

# موٹا چوزا

## اب کیا ہوگا؟

آخری تصویر بنا کر کہانی مکمل کریں۔




ورک شیٹ نمبر 4.1

# آ گئی بس

## نقطے ملائیں

نقطے ملائیں اور رنگ بھریں۔




ورک شیٹ نمبر 4.2


# آ گئی بس


## الفاظ میں گنتی


تصویروں کے مطابق ہندسوں اور الفاظ میں گنتی لکھیں




۱ ایک










ورک شیٹ نمبر 5.1


# کیا وقت ہے؟


## گھڑی


- دی گئی گھڑیوں میں سوئیوں کی مدد سے دن بھر کا وہ وقت بتائیں جو آپ کو سب سے اچھا لگتا ہے۔ مثلاً



کھیلنے کا وقت








ورک شیٹ نمبر 6.1

# بارش

## دھنک



۱۔ دھنک کب دکھائی دیتی ہے؟

______________________________

۲۔ دھنک میں کتنے رنگ ہوتے ہیں؟

______________________________

۳۔ ان رنگوں کو ملا کر کون سے رنگ بنتے ہیں؟

۱۔ نیلا ☐ + پیلا ☐ = ____________ ☐

۲۔ لال ☐ + پیلا ☐ = ____________ ☐

۳۔ کالا ☐ + سفید ☐ = ____________ ☐

۴۔ لال ☐ + نیلا ☐ = ____________ ☐

ورک شیٹ نمبر 6.2

# بارش

## آوازیں

خالی جگہوں پر آوازیں لکھیں

| | | |
|---|---|---|
| کھٹ کھٹ | چھم چھم | ٹپ ٹپ |



لکڑی کرے ____________________




پانی ٹپکے ____________________



بارش برسے ____________________

| | | |
|---|---|---|
| جھک جھک | کھی کھی | دھک دھک |



انجن چلے ____________________



دل کرے ____________________



ہنسی آئے ____________________

گانا گایا

## آوازوں کا کھیل

نیچے دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کریں


| گھڑ گھڑ | سائیں سائیں | جھک جھک | ٹن ٹن |
|---|---|---|---|



گھنٹی بجے ____________________



ہوا کرے ____________________



بادل گرجے ____________________



ریل چلے ____________________

## آواز پہچانیں اور پرندے کا نام لکھیں

| کوئل، طوطا، مرغا، چڑیا، کبوتر، کوا |
|---|

کائیں کائیں ____________ کو کو ____________

ٹیں ٹیں ____________ چوں چوں ____________


غٹرغوں ____________ ککڑوں کوں ____________

ورک شیٹ نمبر 8.1


# لال گاڑی

کتنا دھواں ہے

دھوئیں والی گاڑی سے پیچھے والی گاڑی پر رنگ کریں



دھوئیں والی گاڑی سے آگے والی گاڑی پر رنگ بھریں




ورک شیٹ نمبر 8.2

# لال گاڑی

## کتنا شور ہے

شور مچانے والی چیزوں میں رنگ بھریں













# ٹیں ٹیں میں میں

## بولیاں

نیچے لکھی ہوئی آوازوں کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

| |
|---|
| کائیں کائیں۔ بھوں بھوں |
| میاؤں میاؤں۔ چوں چوں |
| ٹیں ٹیں |



بلی کا بچہ ____________ کرتا ہے



طوطا ____________ کرتا ہے



کوا ____________ کرتا ہے




چڑیا ____________ کرتی ہے




کتا ____________ کرتا ہے

# ٹیں ٹیں میں میں

## پرندے




پرندوں کی تعداد گن کر خانوں میں رنگ بھریں۔




ٹیں ٹیں میں میں

## جانوروں کے گھر

جانوروں کو ان کے گھروں سے ملائیں


مچھلی



چھتا



پرندہ


اصطبل


شہد کی مکھی


گھونسلا


خرگوش


مچھلی گھر


گھوڑا


بل

ورک شیٹ نمبر 10.1

# میں کیا کھاؤں


## کھانے

جانور کیا کھاتے ہیں؟ لکیر سے ملائیں


بلی



گاجر


کتا



گنا



خرگوش


گھاس


ہاتھی


ہڈی


گھوڑا



مچھلی

ورک شیٹ نمبر 10.2

# میں کیا کھاؤں

## کینو کا رس

ترتیب کے مطابق تصویروں میں ہندسے لکھیں



ورک شیٹ نمبر 10.3

# میں کیا کھاؤں

## سبزیاں

سبزیوں کو ان کے ناموں سے ملائیں



گاجر

پیاز

آلو

کھیرا

ٹماٹر


بند گوبھی

لہسن


## خریداری

کہاں کیا ملتا ہے، رنگ بھریں۔

### کھانے کی چیزوں کی دکان پر




### کپڑے کی دکان پر



ورک شیٹ نمبر 11.2

ٹی شرٹ

## میرے کپڑے


تصویروں کے مطابق ترتیب وار ہندسے لکھیں



درزی نے کاٹا



مکمل فراک



کپڑا پسند کیا



سلائی کی

## میں کون ہوں؟

میں کون ہوں

بوجھو تو جانیں


| | | |
|---|---|---|
| سانپ | گائے | چڑیا |
| شہد کی مکھی | مینڈک | |



میں تالاب میں رہتا ہوں۔ میں ____________ ہوں



میں آسمان پر اڑتی ہوں۔ میں ____________ ہوں



میں دودھ دیتی ہوں۔ میں ____________ ہوں



میں رینگتا ہوں۔ میں ____________ ہوں




میں پھولوں کا رس چوستی ہوں۔ میں ____________ ہوں

ورک شیٹ نمبر 12.2

# میں کون ہوں؟

## خاکہ


خاکہ مکمل کریں



# گدھا گاڑی

## جانور اور ان کی دم

جانور کے ساتھ اس کی صحیح دم کو ملائیں



ورک شیٹ نمبر 13.2

# گدھا گاڑی

## مفید جانور

کون سا جانور کس کام آتا ہے۔ لکیر سے ملائیں




سواری کے کام آتا ہے



دودھ دیتی ہے



گھر کی رکھوالی کرتا ہے



انڈے اور گوشت ملتا ہے

ورک شیٹ نمبر 13.3

# گدھا گاڑی

## کون کیا کرتا ہے؟

نیچے دیئے ہوئے الفاظ درست تصویر کے سامنے لکھیں

| | | |
|---|---|---|
| بڑھئی | استاد | درزی |
| مالی | ڈوکٹر | کسان |



______________



______________



______________



______________



______________



______________

ورک شیٹ نمبر 14.1

وہ رہا چاند


## کون کہاں ہے؟

درست الفاظ چن کر خالی جگہ میں لکھیں

| | | |
|---|---|---|
| اوپر | اندر | اوپر |
| سامنے | نیچے | پیچھے |



گاڑی ٹرک کے ________ ہے




پنکھا کرسی کے ________ ہے



چڑیا پنجرے کے ________ ہے




عادل میز کے ________ چھپا ہے




علی آئینے کے ________ کھڑا ہے

## گن کر لکھیں

باورچی اور مالی کے پاس کتنی چیزیں ہیں؟ گن کر نیچے دی گئی لائن پر لکھیں





# کھیل کھلونے

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale